ABC CERTIFIED
کوئٹہ اور سبی سے شائع ہونیوالا واحد قومی روزنامہ
Daily MASHRIQ QUETTA
اللہ ہی کے لیے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)
روزنامہ مشرق کوئٹہ
چیف ایگزیکٹو: سید ممتاز احمد
جلد 54 | بدھ یکم شعبان 1447ھ 21 جنوری 2026ء، صفحات 08 | شمارہ 198
رجسٹرڈ BC-m-1 | Email. mashriqqta2008@gmail.com | PTCL 081-2827345, 081-2827344 | قیمت 35 روپے

مؤثر قانون سازی سے مسنگ پرسنز کے مسئلے کو ہمیشہ کیلئے دفن کر دیا، وزیراعلیٰ

اہم قوانین اور ترامیم کی منظوری صوبائی کابینہ کی کامیابی

بھارتی طیاروں کیلئے فضائی حدود کی بندش میں توسیع

پابندی کو 24 فروری صبح 5 بجے تک بڑھا دیا گیا، نوٹم جاری

خامنہ ای پر حملہ مسلم دنیا کیخلاف اعلان جنگ ہوگا، ایران

علما جہاد کا فتویٰ دینگے، دنیا بھر سے اسلام کے سپاہیوں کا رد عمل آئیگا

پنجاب میں بلوچ طلبہ کے داخلوں پر پابندی نہیں، وزیر قانون

وزیراعظم ڈبلیو ای ایف میں شرکت کیلئے سوئٹزرلینڈ پہنچ گئے

56ویں اجلاس میں شرکت اور عالمی سربراہان سے ملاقاتیں کرینگے

زیورخ (م ڈ) وزیراعظم شہباز شریف ورلڈ اکنامک فورم کے 56ویں سالانہ اجلاس میں شرکت کے لیے سوئٹزرلینڈ پہنچ گئے۔ زیورخ پہنچنے پر یو این میں پاکستان کے مستقل نمائندے، سوئٹزرلینڈ...... بقیہ 6 صفحہ نمبر 7 پر

وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی سے وفاقی وزیر ریلوے حنیف عباسی ملاقات کر رہے ہیں

بلوچستان میں پیپلز ٹرین سروس شروع کرنیکا فیصلہ، 140 کروڑ روپے سالانہ جاری کرینگے، وزیراعلیٰ

ریلوے اسٹیشنز کی تعمیر و انفراسٹرکچر کی اپ گریڈیشن کیلئے صوبائی حکومت وسائل فراہم کریگی، سرفراز بگٹی کا اجلاس سے خطاب

مقامی سروسز کے منصوبوں میں 3 صوبوں نے دلچسپی ظاہر کی، عملی قیادت صرف بلوچستان نے سنبھالی، وفاقی وزیر حنیف عباسی

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور وفاقی وزیر ریلویز حنیف عباسی کی زیر صدارت حکومت بلوچستان اور پاکستان ریلویز کے مابین ایک اہم مشترکہ اجلاس منگل کو یہاں چیف منسٹر سیکرٹریٹ میں ہوا جس میں بلوچستان میں ریلوے کے نظام کی بحالی، پیپلز ٹرین سروس کے آغاز اور مختلف جوائنٹ وینچر منصوبوں پر تفصیلی غور کیا گیا اجلاس کے دوران بلوچستان میں پیپلز ٹرین سروس سمیت مشترکہ...... بقیہ 8 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ، بلوچستان گرینڈ الائنس کی کال پر ملازمین احتجاجی مظاہرہ کر رہے ہیں

عرب امارات غزہ امن بورڈ میں شامل، سعودی کابینہ نے بورڈ آف پیس کی حمایت کر دی

متحدہ عرب امارات ٹرمپ کے 'غزہ بورڈ آف پیس' میں شامل ہونے والا پہلا مسلم ملک بن گیا

دنیا میں آٹھ جنگیں رکوا چکا ہوں، پاک بھارت جنگ نہ روکتا تو کروڑوں جانیں ضائع ہو سکتی تھیں

بورڈ آف پیس کو اقوام متحدہ کا متبادل بنانے کا کوئی ارادہ نہیں، ٹرمپ کی میڈیا سے گفتگو

جدہ، واشنگٹن (م ڈ) متحدہ عرب امارات نے امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے غزہ امن منصوبے کے تحت بنائے گئے 'بورڈ آف پیس' (PeaceofBoard) میں شامل ہونے کی دعوت...... بقیہ 3 صفحہ نمبر 7 پر

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی صوبائی کابینہ کے بائیسویں اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

کے پی کو 800 ارب روپے دیئے، افغانستان سے لوگوں کو لا کر بسانے کا فیصلہ فاش غلطی، سب جانتے ہیں سوات سے سینکڑوں دہشتگردوں کو کس نے رہا کیا، شہباز شریف

طالبان نے بات نہیں سنی تو پھر سبق سکھایا، کابل کو فیصلہ کرنا ہوگا امن سے رہنا چاہتا ہے یا نہیں، وزیراعظم

بلوچستان کی خونی سڑک کیلئے 400 ارب روپے مختص کیے، صوبے سے ایک پائی نہیں مانگی، بلوچستان کے کسانوں کیلئے سولر پینلز کی فراہمی منصوبے میں سے 50 ارب روپے وفاق نے دیئے

کچھ صوبوں نے این ایف سی وسائل سے بھرپور ترقی کی، لیکن خیبرپختونخوا میں نظر نہیں آتی، چاروں صوبوں کی ترقی سے ہی پاکستان آگے بڑھے گا، قومی ورکشاپ سے خطاب

اسلام آباد (شاکر رحمان) وزیراعظم شہباز شریف نے جھوٹ اور پراپیگنڈے کی بنیاد پر نوجوانوں کے ذہنوں میں زہر گھولنے کو بدقسمتی قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ سوشل...... بقیہ 2 صفحہ نمبر 7 پر

سانحہ گل پلازہ، قومی اسمبلی میں حکمران اتحاد آمنے سامنے، الزامات کی بوچھاڑ

وزیراعلیٰ گل پلازہ سانحے کے 22 گھنٹے بعد پہنچے، جماعت اسلامی کا نمائندہ بھی 20 گھنٹے بعد آیا، ایم کیو ایم

لاہور میں حفیظ سینٹر میں تین مرتبہ آگ لگی لیکن اس پر کوئی سیاست نہیں کی گئی، یہ آگ ہے، ہو جاتا ہے، شہلا رضا

اسلام آباد (شاکر رحمان سے) سانحہ گل پلازہ پر قومی اسمبلی میں حکمران اتحاد آمنے سامنے آ گیا جہاں متحدہ قومی موومنٹ (ایم کیو ایم) پاکستان اور پاکستان پیپلز پارٹی (پی پی پی) نے ایک دوسرے پر الزامات کی بوچھاڑ کردی اور وزیر دفاع خواجہ آصف نے تنقید...... بقیہ 9 صفحہ نمبر 7 پر

جی ایچ کیو حملہ کیس میں بانی کی جیل روبکار حاضری لگائی گئی

جب تک کلائنٹ سے ملاقات نہیں ہوگی پیروی نہیں کر سکتے، وکیل

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) راولپنڈی میں جی ایچ کیو حملہ کیس کی سماعت کے دوران ویڈیو لنک فعال نہ ہو سکا جبکہ عمران خان...... بقیہ 10 صفحہ نمبر 7 پر

راجہ ناصر عباس سینیٹ میں اپوزیشن لیڈر مقرر، نوٹیفکیشن جاری

تاخیر عدالتی پروسیجر کے باعث تھی، رولز کے مطابق عمل کروں گا، چیئرمین سینیٹ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) مجلس وحدت المسلمین کے سربراہ اور پی ٹی آئی کے حمایت یافتہ سینیٹر راجہ ناصر عباس کو...... بقیہ 11 صفحہ نمبر 7 پر

سپریم کورٹ، قتل کے دو مقدمات میں 4 ملزمان 15 سال بعد بری

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سپریم کورٹ آف پاکستان نے قتل کے دو مقدمات میں 4 ملزمان کو 15 سال بعد بری کر دیا۔ دونوں مقدمات کے فیصلے جسٹس ہاشم کاکڑ، جسٹس صلاح الدین پنہور اور جسٹس اشتیاق...... بقیہ 12 صفحہ نمبر 7 پر

پی ٹی آئی کی نالائقی سے کے پی جل رہا ہے، طلال چوہدری

دہشت گردوں سے کوئی ہمدردی نہیں ہو سکتی، ان کے خلاف کارروائی ناگزیر ہے

کے پی حکومت کی کارکردگی صفر، صرف سیاسی کارڈ کھیلتی رہی، وزیر مملکت برائے داخلہ

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وزیر مملکت داخلہ طلال چوہدری نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی کی پالیسیوں اور صوبائی حکومت کی نالائقی کی وجہ سے خیبرپختونخوا جل رہا ہے، دہشت گردوں سے کوئی ہمدردی نہیں ہو سکتی اور ان کے خلاف کارروائی ناگزیر ہے، خیبرپختونخوا میں سی ٹی ڈی کیوں نہیں بنائی گئی، صوبائی حکومت کی کارکردگی صفر ہے، یہ صرف سیاسی...... بقیہ 13 صفحہ نمبر 7 پر

اپوزیشن لیڈر کا نوٹیفکیشن کسی پر احسان نہیں، آئینی فریضہ تھا، سلمان راجہ

یلغار کا ارادہ نہیں رکھتے، ہمارا مطالبہ صرف آئین، قانون اور شرافت ہے، میڈیا سے گفتگو

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) پی ٹی آئی کے سیکرٹری جنرل سلمان اکرم راجہ...... بقیہ 14 صفحہ نمبر 7 پر

داخلی سلامتی کیلئے مضبوط، پیشہ ور اور عوام دوست پولیس ناگزیر ہے، فیلڈ مارشل

قانون نافذ کرنا مقدس امانت ہے، مسلح افواج ہمیشہ بہادر اور وقار پولیس کے شانہ بشانہ کھڑی رہیں گی، جنرل عاصم منیر

چیف آف آرمی اسٹاف و چیف آف ڈیفنس فورسز کا نیشنل پولیس اکیڈمی کا دورہ، شہداء کی یادگار پر پھولوں کی چادر چڑھائی، فاتحہ خوانی

راولپنڈی (زاہد احمد خان) فیلڈ مارشل سید عاصم منیر چیف آف آرمی اسٹاف و چیف آف ڈیفنس فورسز نے کہا ہے کہ مضبوط، پیشہ ور اور عوام دوست پولیس داخلی سلامتی اور قانون کی حکمرانی کے لیے ناگزیر ہے، قانون نافذ کرنا مقدس امانت ہے، مسلح افواج ہمیشہ بہادر اور وقار پولیس کے شانہ بشانہ کھڑی رہیں گی۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کی جانب سے جاری بیان کے مطابق فیلڈ مارشل...... بقیہ 18 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچ ماں کے آنسوؤں سے فتنہ الہندوستان کا پردہ چاک

بے شمار نوجوانوں کو دہشت گردی کی طرف دھکیل کر انکا مستقبل تاریک کر دیا گیا، رپورٹ

کالعدم تنظیموں کا مقصد ماؤں کی گودیں اجاڑنا، نوجوانوں کا مستقبل تباہ و برباد کرنا ہے، ماہرین

اسلام آباد (این این آئی) کالعدم فتنہ الہندوستان سمیت دیگر دہشت گرد تنظیموں نے بیشمار نوجوانوں کو دہشت گردی کی طرف دھکیل کر انکا مستقبل تاریک کر دیا۔ سوشل میڈیا پر وائرل ویڈیو میں بلاک دہشت گرد بخش کی دکھیاری ماں کے سوالات نے...... بقیہ 15 صفحہ نمبر 7 پر

سیلاب کا خدشہ، فیڈرل فلڈ کمیشن نے الرٹ جاری کر دیا

21 سے 24 جنوری کے دوران طاقتور مغربی سسٹم ملک کے بالائی علاقوں کو متاثر کریگا

لاہور (بیورو رپورٹ) دریائے کابل پر سیلاب کے خدشے کے باعث، فیڈرل فلڈ کمیشن نے الرٹ جاری کر دیا۔ فیڈرل فلڈ کمیشن کے مطابق دریائے کابل اور معاون ندی نالوں میں فلیش فلڈ کا خدشہ ہے، 21 سے 24 جنوری کے دوران طاقتور مغربی سسٹم ملک...... بقیہ 17 صفحہ نمبر 7 پر

پنجاب میں منکی پاکس کا خطرہ سنگین، 4 مریض سامنے آ گئے

لاہور (بیورو رپورٹ) پنجاب صوبائی دارالحکومت میں منکی پاکس کا خطرہ سنگین ہوگیا، 4 مریض سامنے آ گئے۔ محکمہ صحت کے مطابق شہریوں کے منکی پاکس سے متاثر ہونے کا سلسلہ جاری ہے، 24 گھنٹے کے دوران لاہور میں منکی پاکس کے 4 نئے مریضوں کی تصدیق ہوئی۔ سی ای او میو ہسپتال پروفیسر ہارون...... بقیہ 19 صفحہ نمبر 7 پر

مالی گوشوارے جمع کرانے والے 73 ارکان کی رکنیت بحال

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) الیکشن کمیشن نے مالی گوشوارے جمع کرانے پر سینیٹ، قومی اور صوبائی اسمبلیوں کے 73 ارکان کی رکنیت بحال کر دی۔ الیکشن کمیشن کے...... بقیہ 16 صفحہ نمبر 7 پر

گرینڈ الائنس کے احتجاج کرنیوالے 70 سے زائد ملازمین گرفتار

مختلف تھانوں میں بند کر دیا گیا، چارٹر آف ڈیمانڈ پر عملدرآمد نہ ہونے پر قائدین کی جانب سے احتجاج کی کال دی گئی تھی

حکومت وانتظامیہ کی جانب سے ریڈ زون کو مکمل طور پر سیل کر دیا گیا، گرفتار ملازمین کی حکومت کیخلاف شدید نعرے بازی

کوئٹہ (سٹی رپورٹر + آن لائن) کوئٹہ پولیس کی جانب سے بلوچستان گرینڈ الائنس کے احتجاج کرنے والے 70 سے زائد ملازمین کو گرفتار کرلیا گرفتار کر کے مختلف تھانوں میں بند کر دیا گیا پولیس ذرائع کے مطابق گرینڈ الائنس بلوچستان کی جانب سے گزشتہ...... بقیہ 22 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان تحفظ و فروغ تولیدی صحت حقوق بل منظور

تمام اداروں میں تولیدی صحت اور مانع حمل کی دستیابی لازمی بنائی جائیگی

کوئٹہ (خ ن) حکومتِ بلوچستان نے بلوچستان تحفظ و فروغ تولیدی صحت حقوق بل 2026 کی منظوری دے دی۔ اس سے صوبے میں تولیدی صحت کی خدمات ...... بقیہ 21 صفحہ نمبر 7 پر

چیئرمین سینیٹ کی سینیٹر سرمد علی کو مبارکباد

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی نے گرین وچ یونیورسٹی کی جانب سے میڈیا انوویشن اور پبلک لیڈرشپ کے شعبے میں اعزازی ڈاکٹریٹ کی ڈگری کے اجراء پر نامور میڈیا رہنما اور سینیٹر سرمد علی کو دلی مبارکباد پیش کی ہے۔ چیئرمین سینیٹ...... بقیہ 20 صفحہ نمبر 7 پر

مچھ: نامعلوم مسلح افراد نے 3 مزدور اغواء کر لئے

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) مچھ کے علاقے سے نامعلوم مسلح افراد نے 3 مزدوروں کو اغواء کر لیا۔ پولیس کے مطابق بولان کے علاقے مچھ پولیس تھانے کی حدود میں کرش پلانٹ پر کام کرنے والے 3 مزدوروں کو نامعلوم مسلح افراد اغواء کر کے اپنے ہمراہ لے گئے ...... بقیہ 23 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ، ریسکیو اہلکار اور شہری لیاقت بازار کے پلازہ میں لگنے والی آگ بجھانے کی کوشش کر رہے ہیں

ڈی ایم جمالی: فورسز کے قافلے پر مسلح افراد کی فائرنگ

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) ڈیرہ مراد جمالی کے قریب سیکورٹی فورسز کے قافلے پر نامعلوم مسلح افراد کی فائرنگ، سیکورٹی فورسز کی جوابی فائرنگ سے مسلح افراد فرار ہوگئے۔ پولیس کے مطابق نصیر آباد پولیس تھانہ صدر ڈیرہ مراد جمالی کی حدود پٹ فیڈر بیرون بیدار...... بقیہ 24 صفحہ نمبر 7 پر

پرائیویٹ حج آپریٹرز کے امور کا جائزہ لینے کیلئے کمیٹی قائم

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وزیراعظم نے پرائیویٹ حج آپریٹرز کے امور اور استعداد کا جائزہ لینے کے لیے رانا ثناء اللہ کی سربراہی میں تین رکنی کمیٹی قائم کر دی ہے۔ ذرائع کے مطابق کمیٹی میں وفاقی وزیر مذہبی امور سردار یوسف اور وزیر موسمیاتی تبدیلی...... بقیہ 27 صفحہ نمبر 7 پر

پائیدار ترقی کیلئے خواتین کو مواقع فراہم کیے جائیں، غزالہ گولہ

موجودہ حکومت خواتین کی ترقی کیلئے اقدامات کر رہی ہے، قائمقام گورنر

کوئٹہ (خ ن) قائمقام گورنر بلوچستان غزالہ گولہ نے کہا ہے کہ خواتین ہماری آبادی کا نصف ہیں، انہیں یکساں مواقع اور سہولیات فراہم کر کے ہی ہم ان تمام پوشیدہ...... بقیہ 26 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستان اور یو اے ای کا سرمایہ کاری بڑھانے پر اتفاق

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے ڈیووس میں متحدہ عرب امارات کے وزیر مملکت برائے مالی امور سے ملاقات ہوئی جس دوران پاکستان اور یو اے ای کے درمیان اقتصادی تعاون اور سرمایہ کاری بڑھانے پر اتفاق کیا گیا۔ یو اے ای کے وزیر نے وزیر خزانہ محمد اورنگزیب سے آئی ایم ایف...... بقیہ 25 صفحہ نمبر 7 پر

حب: نامعلوم افراد کی فائرنگ سے پولیس اہلکار شہید

کوئٹہ (آن لائن) حب میں نامعلوم ملزمان نے فائرنگ کر کے پولیس اہلکار شہید کر دیا تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز حب میں پولیس اہلکار گھر جا رہا تھا کہ راستہ میں نامعلوم ملزمان نے فائرنگ کر کے شہید کر دیا اور فرار ہو گئے نعش ہسپتال منتقل کر دی گئی نعش ضروری کارروائی ...... بقیہ 35 صفحہ نمبر 7 پر

18ویں ترمیم ڈھکوسلا ثابت ہوئی، اختیارات صوبائی حکومت کو منتقل ہو گئے، خواجہ آصف

پی ٹی آئی بیک ٹریک اور دو نمبری کرنے کیلئے اپنی اسپیس رکھنا چاہتی ہے، نہیں سمجھتا کہ مذاکرات کیلئے سنجیدہ ہے

ستم ظریفی دیکھیں جب بھی ڈکٹیٹرز آئے انہوں نے ملک میں بااختیار لوکل گورنمنٹ متعارف کرائی، وزیر دفاع

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے کہ 18ویں ترمیم ایک ڈھکوسلا ثابت ہوئی ہے، سارے اختیارات صوبائی حکومت کو منتقل ہو گئے ہیں، کراچی میں ہونے والے واقعات متقاضی ہیں کہ اختیارات نچلی سطح پر منتقل کیے جائے۔ قومی اسمبلی ...... بقیہ 31 صفحہ نمبر 7 پر

عمران خان کا ایکس اکاؤنٹ بند کرنے کا کیس (آج) سماعت کیلئے مقرر

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) اسلام آباد ہائیکورٹ نے بانی پی ٹی آئی کا ایکس اکاؤنٹ بند کرنے کا کیس (آج) بدھ 21 جنوری کو سماعت کے لئے مقرر کر دیا۔ عدالت نے نیشنل سائبر کرائم ایجنسی سمیت دیگر فریقین سے جواب طلب کر رکھا ہے۔ اسلام آباد ہائیکورٹ کے جسٹس ارباب محمد طاہر شہری غلام مرتضیٰ...... بقیہ 29 صفحہ نمبر 7 پر

بھارت نے بنگلہ دیش سے سفارتکاروں کے اہلخانہ کو واپس بلا لیا

اب جن سفارتکاروں کو بنگلہ دیش میں تعینات کیا جائیگا وہ اپنے اہلخانہ کو ساتھ نہیں لے جا سکیں گے

ممبئی (م ڈ) انڈیا نے بنگلہ دیش کو 'نان فیملی سفارتی تعیناتی' کے طور پر رجسٹر کر لیا ہے جس کا مطلب یہ ہے کہ وہ انڈین سفارتکار اور سفارتی عملہ جو بنگلہ دیش میں تعینات...... بقیہ 28 صفحہ نمبر 7 پر

ٹرمپ کا گرین لینڈ پر کنٹرول کا اعلان، پیچھے ہٹنے سے انکار

یورپی یونین نے امریکا کے خلاف ممکنہ جوابی اقدامات پر غور شروع کر دیا ہے

واشنگٹن (م ڈ) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے واضح کیا ہے کہ وہ گرین لینڈ پر کنٹرول حاصل کرنے کے اپنے منصوبے سے کسی صورت پیچھے نہیں ہٹیں گے۔ اس اعلان سے...... بقیہ 30 صفحہ نمبر 7 پر

کچھی کے انتہائی مطلوب 62 ڈاکوؤں نے سرنڈر کر دیا

صادق آباد (بیورو رپورٹ) کچھے کے انتہائی مطلوب 62 ڈاکوؤں نے سرنڈر کر دیا، سرنڈر کرنے والے ڈاکوؤں میں لوند، کوش، اندھانی اور سکھانی گینگ کے خطرناک عناصر شامل ہیں۔ تفصیل ...... بقیہ 32 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ شاپنگ سنٹر میں آتشزدگی، 120 دکانیں لپیٹ میں، تاجروں کا سامان جل کر خاکستر

آگ کے شعلے آسمان چھونے لگے، مختلف محکموں کے 70 اہلکاروں نے 5 گھنٹے مسلسل جدوجہد کے بعد آگ پر قابو پایا

تاجر پرنم آنکھوں سے زندگی بھر کی جمع پونجی شعلوں کی نذر ہوتے دیکھتے رہے، آگ شارٹ سرکٹ کے باعث لگی، ڈی سی

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) کوئٹہ کے تجارتی مرکز محمد روڈ پر شاپنگ سنٹر میں ہولناک آگ بھڑک اٹھی دیکھتے ہی دیکھتے 120 سے زائد دکانوں کو اپنی لپیٹ میں لے لیا آگ کے شعلے آسمان کو چھوتے رہے پولیس میٹروپولیٹن کارپوریشن پی ڈی ایم اے محکمہ واسا اور ایف سی کے ...... بقیہ 34 صفحہ نمبر 7 پر

تیراہ میں نقل مکانی کا مقصد کچھ اور، آپریشن مسئلے کا حل نہیں، ایمل ولی

پشاور (بیورو رپورٹ) مرکزی صدر عوامی نیشنل پارٹی سینیٹر ایمل ولی خان نے کہا ہے کہ خیبرپختونخوا کا سب سے بڑا مسئلہ تیراہ ہے، جو نقل مکانی ہو گی اس میں دہشتگرد بھی نکلیں گے، ہم سمجھتے ہیں کہ نقل مکانی کا مقصد ...... بقیہ 33 صفحہ نمبر 7 پر

ہزارگنجی و گرد نواح میں گیس بجلی کی لوڈشیڈنگ علاقہ مکین پریشان

روزانہ کروڑوں روپے کا ویٹو جنریٹر کرینوا لائونڈ کا معروف تجارتی علاقہ پسماندگی کی مثال بن گیا، حاجی ظفر علاقے کے منتخب نمائندے صرف ووٹ مانگنے کے وقت نظر آئے، اسکے بعد یہاں کا رخ نہیں کیا، احمد مگسی

علاقہ مکینوں کے صبر کا پیمانہ لبریز ہوگیا، ہزارگنجی تمام تر بنیادی سہولیات سے آراستہ کیا جائے، حاجی غلام نبی

ہزارگنجی کے بنیادی مسائل حل نہ ہوئے تو سبزی خان چوک پر دھرنا دیکر شدید احتجاج کرینگے، مشرق سے بات چیت




کوئٹہ (اسپیشل رپورٹر) ہزارگنجی و گردونواح میں گیس بجلی کی لوڈشیڈنگ، سردیوں میں عوام کو گھروں میں محصور رہنے پر مجبور کرنے کے خلاف ہزارگنجی کوئٹری طور پر تمام تر بنیادی سہولیات سے محروم رکھا جارہا ہے، ہزارگنجی کے عوام نے انتظامی کی دوہرے معیار کی شکایت کرتے ہوئے کہا ہے کہ ہزارگنجی کے زمانے میں رہے ہیں، متعلقہ حکام کی یہ لوڈشیڈنگ کسی روایت معمول سے بھی بڑھ گئی ہے، مشرق سے بات چیت کرتے ہوئے سید حاجی ظفر آغا، احمد جان، حاجی غلام نبی حاجی نادر مری و دیگر نے بتایا ہے کہ ہزارگنجی میں بجلی کی لوڈشیڈنگ میں 18 سے 20 گھنٹے کا اضافہ کیا گیا ہے، یہاں کے مکین گیس کی لوڈشیڈنگ سے بھی پریشان ہیں، پورے ہزارگنجی میں بجلی کی لوڈشیڈنگ سے آراستہ کیا جائے، یہاں کے منتخب نمائندگان بھی اس علاقے کا کوئی پوچھتاچھ نہیں، الیکشن کے قریب پھر یہ نمائندگان علیحدہ کیس کی لوڈشیڈنگ علیحدہ ہوتی ہے، ہزارگنجی میں عوام کے مسائل پر بلند و بانگ دعوے کرنیوالے تمام تر سہولیات سے جان چھڑا کر ہزارگنجی کو محروم رکھا جارہا ہے، ہزارگنجی کے عوام نے انتظامی کے صبر کا پیمانہ لبریز ہوگیا، ہزارگنجی تمام تر بنیادی سہولیات سے آراستہ کیا جائے، حاجی غلام نبی ہزارگنجی کے بنیادی مسائل حل نہ ہوئے تو سبزی خان چوک پر دھرنا دیکر شدید احتجاج کرینگے، مشرق سے بات چیت کرتے ہوئے سید حاجی ظفر آغا، احمد جان، حاجی غلام نبی حاجی نادر مری و دیگر نے بتایا ہے کہ ہزارگنجی میں 18 سے 20 گھنٹے کا اضافہ کیا گیا ہے، یہاں کے مکین گیس کی لوڈشیڈنگ سے بھی پریشان ہیں، پورے ہزارگنجی میں بجلی کی لوڈشیڈنگ سے آراستہ کیا جائے، یہاں کے منتخب نمائندگان بھی اس علاقے کا کوئی پوچھتاچھ نہیں، الیکشن کے قریب پھر یہ نمائندگان

تنظیم المدارس اہلسنت کے صوبائی صدر مولانا عثمان رمضان محمدی و دیگر امتحانات کا جائزہ لے رہے ہیں

حکومت تاجروں کے نقصان کا فوری ازالہ کرے، ڈاکٹر حامد اچکزئی

جیتی لیپ ٹاپس، موبائل فون، کمپیوٹرز و دیگر سامان جلی کر خاکستر ہوگیا، کیرانہ افغان

فائر بریگیڈ عملے نے بروقت آگ پر قابو پا کر دیگر عمارتوں کو نقصان سے بچایا، نظام عمکر

کوئٹہ (پ ر) پختونخوا ملی عوامی پارٹی کے مرکزی سیکرٹری ڈاکٹر حامد خان اچکزئی، صوبائی جنرل سیکرٹری کبیر افغان اور صوبائی ڈپٹی سیکرٹری نظام الدین نقشبندی نے کچلاک روڈ پر تجلیم ماڈل کالج کے قریب آتشزدگی کے واقعہ کے بعد جائے وقوعہ کا دورہ کیا اور متاثرہ دکانداروں، تاجروں سے ملاقات کی اور واقعہ کے حقائق کے بارے میں معلومات حاصل کیں۔ ڈاکٹر حامد اچکزئی نے کہا کہ پلازہ میں آتشزدگی کے واقعہ سے بڑی تعداد میں دکانداروں کے لاکھوں روپے مالیت کے کمپیوٹرز، لیپ ٹاپس، موبائل فونز، لیپ ٹاپز و دیگر سامان جل کر خاکستر ہوگیا، جس کے باعث تاجروں، دکانداروں کو کروڑوں روپے کے نقصانات سے دوچار ہونا پڑا۔ پارٹی رہنماؤں نے فائر بریگیڈ عملے کی بروقت کارروائی پر خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ اگر فائر بریگیڈ عملے کو بروقت اطلاع نہ دی جاتی تو آگ پلازہ کے دیگر حصوں تک پھیل جاتی اور مزید بڑے نقصانات کا سبب بنتی۔ انہوں نے کہا کہ متاثرہ دکانداروں، تاجروں کے نقصانات کا تخمینہ لگایا جائے اور حکومت نقصانات کے فوری ازالے کے لیے اقدامات اٹھائے اور ساتھ ہی فائر بریگیڈ عملے کو جدید مشینری اور سہولیات فراہم کرنے اور ان کی حوصلہ افزائی کے لیے اقدامات کیے جائیں۔

بلوچستان کے مسائل کو نظر انداز کیا جارہا ہے، عثمان بادینی

ایوان میں صوبے کے منتخب نمائندوں کو بولنے کا پورا موقع نہیں دیا جاتا

بلوچستان پاکستان کے بڑے ٹیکس ادا کرنے والے صوبوں میں شامل ہے

سابق سینیٹر عثمان بادینی نے پارٹی رہنما عبدالحکیم کلاچ کا طلاقات کررہی ہیں

سابق سینیٹر عثمان بادینی نے پارٹی رہنما عبدالحکیم کلاچ کا طلاقات کررہی ہیں

وفاقی محتسب کے حکم پر درخواست گزار کی داد رسی

اشرف خان کے والد کا بلاک شناختی کارڈ پندرہ دن میں کھلوا دیا گیا

منصفانہ فیصلے پر درخواست گزار نے وفاقی محتسب کا شکریہ ادا کیا

کوئٹہ (اسپیشل رپورٹر) وفاقی محتسب کے دفتر میں درخواست گزار اشرف خان نے بتایا کہ ان کے والد کا شناختی کارڈ نادرا کی جانب سے شک کی بنیاد پر بلاک کر دیا گیا تھا۔ انہوں نے کہا کہ ان کے پاس تمام پرکھوں کا ریکارڈ موجود ہیں اور وہ متعدد بار نادرا دفاتر اور کمیٹیوں میں پیش بھی ہوئے لیکن کسی سب سے سنوائی نہیں ہو سکی، طویل عرصے تک یہ مسئلہ چلتا رہا، بالآخر تھک کر انہوں نے انصاف کے حصول کے لیے وفاقی محتسب کو رجوع کیا اور متعلقہ محکمے کی عدم توجہی کے خلاف درخواست دائر کی درخواست وصول ہونے پر وفاقی محتسب کے دفتر سے متعلقہ محکمے کو باقاعدہ ویڈیو پیغام بھیجا گیا۔

جماعت اسلامی کے رہنماؤں کی گرفتاری کی مذمت

جائز حقوق کے لیے آواز اٹھانا جرم نہیں، حکومت مطالبات تسلیم کرے، بیان

کوئٹہ (آن لائن) جماعت اسلامی بلوچستان کے صوبائی بیان میں گرینڈ الائنس کے احتجاج پر انتظامی چادر تشدد گرفتاری آنسو گیس اور گرفتاریوں کی مذمت کرتے ہوئے حافظ نعیم کوثری و پارلیمانی گرینڈ الائنس سے کیے گئے وعدوں پر مکمل درآمد کرنے کا مطالبہ کیا۔ جماعت اسلامی کے صوبائی بیان میں کہا گیا ہے کہ کوئٹہ میں گرینڈ الائنس کے پرامن احتجاج پر حکومتی کریک ڈاؤن اور

گرفتاریوں کی شدید مذمت کرتے ہیں، حکومت مطالبات تسلیم کرے، بیان

گرفتاریوں کی شدید مذمت کرتے ہیں، حکومت مطالبات تسلیم کرے، بیان

کوئٹہ (آن لائن) جماعت اسلامی بلوچستان کے صوبائی بیان میں گرینڈ الائنس کے احتجاج پر انتظامی چادر تشدد گرفتاری آنسو گیس اور گرفتاریوں کی مذمت کرتے ہوئے حافظ نعیم کوثری و پارلیمانی گرینڈ الائنس سے کیے گئے وعدوں پر مکمل درآمد کرنے کا مطالبہ کیا۔ جماعت اسلامی کے صوبائی بیان میں کہا گیا ہے کہ کوئٹہ میں گرینڈ الائنس کے پرامن احتجاج پر حکومتی کریک ڈاؤن اور گرفتاریوں کی شدید مذمت کرتے ہیں، حکومت مطالبات تسلیم کرے، بیان

کوئٹہ میں پریس کانفرنس کے دوران کے پی کے وزیر اعلیٰ سہیل آفریدی کے ساتھ محمود خان اچکزئی و دیگر

ہائیکورٹ کے حکم پر ڈی ایس پی کی بحالی

ناصر سید کاظمی کا سلسلہ جاری

اسلام آباد/کوئٹہ (آن لائن) ڈپٹی جنرل منیجر سیدال خان ناصر کی بحالی اور ان کے بڑے بھائی ان اللہ خان ناصر کی صوبائی اسمبلی بلوچستان کے لیے پارٹیشن پاورز میں بلا پارٹیشن میزر اراکین قومی اسمبلی، اراکین سینیٹ اور ملک بھر سے مختلف شعبوں کی ممتاز و باوسوخ شخصیات کی آمد کا سلسلہ بدستور جاری ہے۔ گزشتہ روز مرحومہ کے ایصال ثواب، دعائے مغفرت اور قرآن خوانی کے اہتمام کے لیے منعقدہ مختلف دو روزہ پارٹیشن ہاؤس پہنچے اور اپنی تعزیت سیدال خان ناصر سے دی۔ تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کرنے والوں میں وفاقی وزیر برائے اسپورٹس، ڈیولپمنٹ اینڈ کلچر مقام، وزیر اطلاعات، نشریات اینڈ ٹورازم، وزیر اطلاعات و ثقافت گلگت بلتستان امیر مقام

Daily MASHRIQ QUETTA & Hub
روزنامہ مشرق کوئٹہ و حب

قومی چیمپئن کیلئے وزیراعلیٰ بلوچستان کے اعلان کردہ فنڈ سے کٹوتی، ایک کروڑ روپے کی بجائے صرف 30 لاکھ ریلیز

دفاتر کے چکر لگوائے جا رہے ہیں، پہلے ٹریننگ کا اعلان ہوا پھر پروپوزل کا، اب رقم روک لی گئی ہے، والدین ثروت فاطمہ

نیشنل جونیئر بیڈمنٹن چیمپئن ثروت فاطمہ کے والدین کا محکمہ کھیل کے اعلیٰ حکام پر الزام، وزیراعلیٰ اور چیف سیکرٹری سے نوٹس کی اپیل

کوئٹہ (سپورٹس رپورٹر) قومی چیمپئن ثروت فاطمہ کو وزیراعلیٰ بلوچستان کی جانب سے اعلان کردہ ایک کروڑ روپے میں سے صرف تیس لاکھ ملے اور باقی اعلان کردہ رقم تاحال نہیں ملی ثروت فاطمہ کے والدین نے محکمہ کھیل کے حکام پر بدعنوانی کے سنگین الزامات عائد کرتے ہوئے وزیراعلیٰ بلوچستان اور چیف سیکرٹری بلوچستان سے معاملے کا نوٹس لینے کی اپیل کی ہے۔ قومی جونیئر بیڈمنٹن چیمپئن ثروت فاطمہ کے والدین نے محکمہ کھیل بلوچستان اور اس کے اعلیٰ حکام پر سنگین الزامات عائد کئے ہیں ثروت فاطمہ کے والدین کے مطابق وزیراعلیٰ بلوچستان کی جانب سے بین الاقوامی سطح پر تربیت کے لیے ایک کروڑ روپے کے فنڈز کا اعلان کیا گیا تھا، تاہم اس میں سے صرف 30 لاکھ روپے جاری کیے گئے، جبکہ بقیہ رقم تاحال روک لی گئی ہے۔ اس مبینہ بدانتظامی اور اقرباپروری نے نہ صرف ایک قومی ہیرو کی حوصلہ شکنی کی بلکہ بلوچستان کے کھیلوں کے مستقبل پر بھی سوالیہ نشان لگا دیا ہے۔ ثروت فاطمہ کے والدین کا کہنا ہے کہ جنوری 2025 سے اب تک انہیں محکمہ کھیل کے دفاتر کے بے شمار چکر لگوائے گئے اور بلاجواز خوار کیا جا رہا ہے۔ پہلے چھ ماہ کی ٹریننگ کا اعلان کیا گیا، پھر اس کے لیے پروپوزل بنانے کو کہا گیا، بعدازاں مدت کم کر کے چار ماہ اور پھر صرف دو ماہ کر دی گئی، جو بین الاقوامی معیار کی تیاری کے لیے ناکافی ہے۔ اس تاخیر اور غیر سنجیدگی کے باعث ثروت فاطمہ اب تک ملائیشیا میں ٹریننگ کے لیے روانہ نہیں ہو سکیں ثروت کے والدین کا کہنا ہے کہ ایک قومی کھلاڑی کی عزت، تربیت اور کیریئر سیاست اور ذاتی مفاد کی بھینٹ نہیں چڑھایا جانا چاہیے۔ انہوں نے وزیراعلیٰ بلوچستان سے مطالبہ کیا ہے کہ محکمہ کھیل کے سیکرٹری اور دیگر ذمہ داران کے رویے اور مبینہ کرپشن کا فوری نوٹس لیا جائے، تاکہ نہ صرف ثروت فاطمہ بلکہ بلوچستان کے دیگر باصلاحیت کھلاڑی بھی مایوسی سے بچ سکیں۔

وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی سے ایم پی اے ڈاکٹر نواز کبزئی ملاقات کر رہے ہیں

خضدار پولیس نے تین موٹر سائیکل چور گرفتار کر لیے

ایک ملزم کے قبضے سے پسٹل اور چوری شدہ موٹر سائیکل برآمد

خضدار (بیورو رپورٹ) خضدار صدر تھانہ پولیس کی چوروں کے خلاف کارروائیاں جاری کیے بعد دیگر تین چور گرفتار موٹر سائیکل سمیت سامان موٹر وغیرہ برآمد مقدم درج تفصیلات کے مطابق ایس ایس پی خضدار شہزادہ عمر عباس بابر اور ایڈیشنل ایس پی عبدالقدوس دہواری کی حکم پر جرائم پیشہ افراد کے خلاف مہم میں زیر نگرانی ڈی ایس پی سٹی محمد رفیق مینگل کی ایس ایچ او صدر محمد یوسف چانڈیو و دیگر اہلکاروں نے صدر ایریا میں کارروائی کرتے ہوئے موٹر سائیکل چور احسان کو گرفتار کر کے ملزم کے قبضے سے پسٹل اور چوری شدہ موٹر سائیکل برآمد کر کے ملزم کے خلاف مقدمہ درج کر کے تفتیش شروع کر دی جبکہ دوسری کارروائی میں کیبل، موٹر، سریا، ٹی آر ن چور ملزمان نور احمد، ساول خان احسان اللہ کو گرفتار کر کے مقدمہ درج کر کے کارروائی شروع کر دی چور ڈکیتوں سے کوئی رعایت نہیں برتی جائے گی۔

غزالہ گولا بلوچستان کے لیے قیمتی اثاثہ ہیں، حیات اللہ خان کاکڑ

پیپلز پارٹی رہنما نے ڈپٹی اسپیکر کو گورنر بلوچستان مقرر ہونے پر ایئرپورٹ پر مبارکباد

کوئٹہ (یو این اے) پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے صوبائی کونسل کے رکن حیات اللہ خان کاکڑ نے ڈپٹی اسپیکر بلوچستان اسمبلی محترمہ غزالہ گولا کو بلوچستان کا گورنر مقرر ہونے پر ایئرپورٹ پر دل کی گہرائیوں سے مبارکباد پیش کی۔ محترمہ غزالہ گولا چار مرتبہ صوبائی وزیر کے طور پر خدمات انجام دے چکی ہیں اور اس وقت ڈپٹی اسپیکر بلوچستان اسمبلی کی اہم آئینی ذمہ داری بھی نبھا رہی ہیں۔ حیات اللہ خان کاکڑ نے کہا کہ محترمہ غزالہ گولا ایک منجھی ہوئی، سینئر اور تجربہ کار پارلیمنٹیرین ہیں، جن کا وسیع سیاسی اور پارلیمانی تجربہ بلوچستان کے لیے قیمتی اثاثہ ہے۔ ان کا تعلق ایک معزز قبائلی خاندان سے ہے، جس کی وجہ سے وہ صوبے کی روایات، اقدار اور قبائلی نظام سے بخوبی واقف ہیں۔ پاکستان پیپلز پارٹی کے اراکین نے کہا کہ بلوچستان کے عوام بالخصوص خواتین، محترمہ غزالہ گولا پر اعتماد کرتے ہیں اور وہ اس اعتماد پر پورا اترنے کی مکمل صلاحیت رکھتی ہیں۔ پارٹی نے امید ظاہر کی کہ وہ اپنی بصیرت اور سیاسی تجربے سے بلوچستان میں ہم آہنگی، استحکام اور ترقی کے لیے مؤثر کردار ادا کریں گی۔ آخر میں پارٹی کے اراکین نے ایک بار پھر محترمہ غزالہ گولا کو گورنر بلوچستان کا منصب سنبھالنے پر دل کی گہرائیوں سے مبارکباد پیش کی اور نیک خواہشات کا اظہار کیا۔

... نے کارروائی کی تفصیلات بتاتے ہوئے کہا کہ زائد المیعاد اشیاء کی خرید و فروخت کرنے والے دکانداروں کے خلاف بھرپور ایکشن ہوگا کارروائی کے دوران مختلف دکانوں سے بڑی مقدار میں زائد المیعاد اشیاء برآمد کی گئیں انہوں نے کہا کہ ایسے افراد کسی رعایت کے مستحق نہیں جو شہریوں کی صحت سے کھیلتے ہیں

بلوچستان میں غربت و پسماندگی چائلڈ لیبر کی وجوہات ہیں، کمیشن برائے حقوق اطفال

چائلڈ لیبر بارے ہمارے ہاں قانون تو بنائے جاتے لیکن ان پر عمل درآمد نہ ہونے کے برابر ہے، عبدالحئی بنگلزئی

بلوچستان کے بڑے شہروں میں چائلڈ لیبر میں اضافہ باعث تشویش، بڑھتی ہوئی آبادی اسکی بڑی وجہ ہے، عابد بٹ

یو این ڈی پی صوبائی حکومت کے اشتراک سے چائلڈ لیبر پر قابو پانے کیلئے کوشاں ہے، افسران و سماجی رہنماؤں کی گفتگو

کوئٹہ (اے این این) چائلڈ لیبر جنوبی ایشیاء کے ممالک میں ایک بہت اہم مسئلہ ہے۔ اس کو کنٹرول کرنے کے لئے معاشرے کا ہر فرد کا انفرادی کردار بہت اہمیت کا حامل ہوتا ہے۔ بلوچستان جیسے پسماندہ اور بڑے صوبے میں چائلڈ لیبر کی بہت سی وجوہات ہیں۔ ان بنیادی وجوہات میں سے چند ایک غربت، دور دراز کے علاقوں میں تعلیمی اداروں کی کمی، سکول اگر موجود ہے تو ٹیچر نہیں بعض سکولوں میں ٹیچر بھی تعینات ہوتے ہیں مگر وہ سکولوں میں آتے نہیں، چائلڈ لیبر کا سب اہم وجہ یہ بھی ہے کہ ہمارے ہاں قانون تو بنائے جاتے لیکن ان پر عمل درآمد نہ ہونے کے برابر ہے۔ یہ بات صوبائی ممبر بلوچستان نیشنل کمیشن برائے حقوق اطفال عبد الحئی بنگلزئی نے مقامی ہوٹل میں چائلڈ لیبر کو کنٹرول کرنے کے حوالے سے درپیش چیلنجوں سے نمٹنے کے عنوان سے منعقد سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے کہا کہ یو این ڈی پی صوبائی حکومت کی اشتراک سے چائلڈ لیبر پر قابو پانے کیلئے کوشاں ہے۔ اس کے علاوہ جنرل پبلک کو بھی اس حوالے سے اعتماد میں لیا جا رہا ہے۔ یہ سیمینار اس سلسلے کڑی ہے۔ یو این ڈی پی کے زیر اہتمام سیمینار میں مزدور رہنما عابد بٹ نے کہا کہ بلوچستان کے بڑے شہروں میں چائلڈ لیبر میں اضافہ باعث تشویش، ملک سمیت بلوچستان بھر میں بڑھتی ہوئی آبادی اور روزگار کے مناسب مواقع نہ ہونے کی وجہ سے چائلڈ لیبر میں اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے انہوں نے کہا کہ بلوچستان ایک پسماندہ صوبہ ہے یہاں صنعتیں نہ ہونے کے برابر ہیں غریب والدین اپنی کم آمدن کی وجہ سے کمسن بچوں کو روزگار کی تلاش میں تعلیم دینے کی بجائے گھر سے باہر روزگار کی تلاش میں بھیجتے ہیں۔ واضح رہے کہ حکومت پاکستان یو این ڈی پی، یورپین یونین کے مالی معاونت سے چائلڈ لیبر ایکٹ پر من وعن عمل درآمد کرانے کے لئے اقدامات کر رہی ہے۔ آگاہی مہم کے حوالے سے پرائیویٹ سیکٹر میں چائلڈ لیبر کی مؤثر نگرانی کرنا، زیلی قومی سطح پر انسانی حقوق کے تحفظ اور فروغ کے لئے اقدامات کرنا، جس میں حقوق پاکستان II کے حوالے سے یو این ڈی پی، انسانی حقوق کے ادارے این ایچ آر آئیز، چائلڈ لیبر کے انسداد کے حوالے سے آگاہی مہم چلا رہی ہے۔ سیمینار میں مختلف این جی اوز و مختلف متعلقہ اداروں کے عہدیداروں پر مشتمل تھے نے روشنی ڈالی۔ قبل ازیں چائلڈ لیبر کے کنسلٹنٹ یو این ڈی پی پاکستان کے زنیب مصطفےٰ نے سیمینار کے اغراض و مقاصد کے بارے میں شرکاء کو آگاہی فراہم کی۔

اسلام آباد پولیس منشیات کی روک تھام کیلئے کوشاں

منشیات کے نقصانات و روک تھام بارے خصوصی لیکچرز کا انعقاد

آئی جی اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کی خصوصی ہدایت پر آگاہی مہم

اسلام آباد (زاہد احمد خان) تعلیمی اداروں میں طلبہ کی آگاہی کیلئے منشیات کے نقصانات اور روک ... سوال زون محمد خرم اشرف اور اے ایس پی علی رضا قریشی نے طلبہ کو منشیات کے نقصانات اور روک ...

تربت کے علاقے سے لاپتہ نوجوان کے اہل خانہ نے سی پیک روڈ احتجاجاً بلاک کر دیا

تربت (این این آئی) تربت کے علاقے تجابان میں لاپتہ نوجوان کے اہل خانہ نے احتجاجاً سی پیک ایم 8 شاہراہ کو ہر قسم کی آمد و رفت کیلئے بند کر دیا جس کی وجہ سے سڑک کے دونوں جانب گاڑیوں کی ...

کوئٹہ: محکمہ لیبر اور یو این ڈی پی کے مشترکہ چائلڈ لیبر سیمینار میں مزدور رہنما عابد بٹ، ظفر خان رند، سید آغا محمد و دیگر شریک ہیں۔

کوئٹہ کے سرکاری اسکولوں میں جدید طرز تعلیم کے فروغ کیلئے اقدامات کا آغاز

سمارٹ کمپیوٹر لیب، لیپ ٹاپس اور ملٹی میڈیا اور جدید سہولیات سے آراستہ کلاس رومز کا قیام عمل میں لایا جائیگا

سنڈیمن بوائز ہائی اسکول میں جدید سمارٹ آئی ٹی لیب، لائبریری اور نئے واش رومز تعمیر کیے گئے ہیں، ڈی سی

کوئٹہ (خ ن) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہر اللہ بادینی نے تعلیمی میدان میں تاریخی و انقلابی اقدام اٹھاتے ہوئے کوئٹہ کے مختلف سرکاری اسکولوں میں جدید طرز تعلیم کے فروغ کے لیے سمارٹ کمپیوٹر لیب، لیپ ٹاپس اور ملٹی میڈیا، ڈیجیٹل لائبریریوں اور جدید سہولیات سے آراستہ کلاس رومز کا قیام، فرنیچر کی فراہمی اور واش رومز کی تعمیر جیسے منصوبوں کا آغاز کر دیا، تفصیلات کے مطابق ضلعی انتظامیہ کوئٹہ اور ایچ بی ایل فاؤنڈیشن کے باہمی اشتراک سے شہر کے مختلف سرکاری اسکولوں میں جدید طرز تعلیم کے فروغ کے لیے خصوصی تعلیمی سیکشنز قائم کر دیے گئے ہیں، جن کا مقصد طلبہ کو جدید دور کے تقاضوں سے ہم آہنگ تعلیمی سہولیات فراہم کرنا ہے۔ اس حوالے سے ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہر اللہ بادینی نے ریجنل ہیڈ ایچ بی ایل عمر اقبال، سینئر منیجر ایچ بی ایل فاؤنڈیشن زکی احمد شیخ، اسسٹنٹ کمشنر صدر کیپٹن (ر) حمزہ انجم اور اسسٹنٹ کمشنر سٹی کیپٹن (ر) عبداللہ بن عارف کے ہمراہ ان تعلیمی منصوبوں کا باقاعدہ افتتاح کیا۔ ان سکولوں میں سنڈیمن بوائز ہائی اسکول میں جدید سمارٹ آئی ٹی لیب، لائبریری اور نئے واش رومز تعمیر کیے گئے ہیں، جبکہ آئی ٹی لیب کو جدید لیپ ٹاپس اور معیاری فرنیچر سے بھی آراستہ کیا گیا ہے۔ جبکہ گورنمنٹ بوائز ماڈل اسکول بیت روڈ میں جدید آئی ٹی لیب قائم کی گئی ہے جہاں ملٹی میڈیا سسٹم اور لیپ ٹاپس کی سہولت فراہم کی گئی ہے۔ گورنمنٹ پاک گرلز ہائی اسکول میں سولر سسٹم نصب کرنے کے ساتھ ساتھ جدید آئی ٹی لیب، ملٹی میڈیا سسٹم، لیپ ٹاپس، نیا فرنیچر، کلاس روم ڈیسک اور واش رومز تعمیر کیے گئے ہیں۔ اسی طرح سینڈل روڈ ہائی اسکول میں سمارٹ آئی ٹی لیب، لیپ ٹاپس اور جدید ملٹی میڈیا سسٹم فراہم کیا گیا جبکہ پرائمری سیکشن کے کلاس رومز میں نیا فرنیچر لگایا گیا اور لائبریری کی مرمت مکمل کی گئی ہے۔ یہ تمام منصوبے ایچ بی ایل کے تعاون سے پایۂ تکمیل تک پہنچے ہیں جو سرکاری و نجی شراکت داری کی ایک بہترین مثال ہیں۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہر اللہ بادینی نے کہا کہ ضلعی انتظامیہ تعلیمی شعبے میں بہتری کو اولین ترجیح دے رہی ہے اور مستقبل میں بھی ایسے ترقیاتی اقدامات کا سلسلہ جاری رکھا جائے گا تاکہ ہمارے بچے جدید علم و مہارت سے آراستہ ہو کر ایک روشن اور باصلاحیت مستقبل کی طرف گامزن ہو سکیں۔

اسلام آباد: چیئرمین نیب نذیر احمد انویسٹی گیشن ٹیم کو بہترین کارکردگی پر شیلڈز دے رہے ہیں

پیپلز پارٹی عملی کارکردگی اور میرٹ پر یقین رکھتی ہے، روزی خان کاکڑ

وزیر اعلیٰ بلوچستان کی قیادت میں موجودہ دور حکومت میں نوجوانوں کو باعزت روزگار فراہم کیا گیا، رہنماء

عوام دوست پالیسیوں نے بلوچستان کو ترقی، انصاف اور نوجوانوں کے روشن مستقبل کی جانب گامزن کر دیا

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما روزی خان کاکڑ نے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان کی تاریخ میں پہلی بار انکی قیادت میں محکمہ خزانہ کی 111 سرکاری ملازمتوں کی شفاف اور میرٹ پر مبنی بھرتی ایک تاریخی اور قابل ستائش اقدام ہے اس شفاف عمل کے ذریعے نوجوانوں کو باعزت روزگار کے مساوی مواقع فراہم ہوئے ہیں اور عوام کا سرکاری نظام پر اعتماد ایک بار پھر بحال ہوا ہے۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں سابق سینیٹر روزی خان کاکڑ نے کہا کہ ایک ہی دن میں ٹیسٹ، نتائج اور تقرریوں کا مکمل اور منظم عمل بلوچستان کے عوام کے لیے باعث فخر ہے، جو اس بات کا واضح ثبوت ہے کہ پاکستان پیپلز پارٹی کی حکومت عملی کارکردگی، شفافیت اور میرٹ پر مکمل یقین رکھتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی کے نامزد وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی کی اصلاحاتی اور عوام دوست پالیسیوں نے بلوچستان کو ترقی، انصاف اور نوجوانوں کے روشن مستقبل کی جانب گامزن کر دیا ہے۔

مشرقی بائی پاس: ناقص سیوریج نظام کی وجہ سے علاقے میں شدید تعفن

انتظامیہ فوری صفائی اور مرمت کے اقدامات کرے، ورنہ احتجاج ہوگا، علاقہ مکین

کوئٹہ (یو این اے) کوئٹہ کے حلقہ PB-45 مشرقی بائی پاس اور ملحقہ علاقے ناقص سیوریج نظام کے باعث شدید تعفن، گندگی اور کھڑے پانی کی لپیٹ میں آ گئے ہیں۔ نکاسی آب کا نظام درہم برہم ہونے کی وجہ سے اہم شاہراہیں اور گلیاں تالاب جیسا منظر پیش کر رہی ہیں، جس سے مقامی آبادی کی روزمرہ زندگی اجیرن ہو گئی ہے۔ مشرقی بائی پاس کی گلی نمبر 4، 5 اور 6 کے سامنے مین روڈ پر کھڑا پانی اب ایک چھوٹی جھیل یا 'دریائے سندھ' کی مانند دکھائی دے رہا ہے، جس سے گاڑیوں اور پیدل چلنے والوں کے لیے گزرنا محال ہو چکا ہے۔ کھڑے پانی اور تعفن کے باعث ڈینگی، ملیریا اور ہیضہ جیسی وبائی بیماریوں کے پھیلنے کا خطرہ بڑھ گیا ہے۔ تاجر برادری بھی شدید متاثر ہوئی ہے، کیونکہ سڑک کنارے دکانوں اور کاروباری مراکز کے باہر پانی جمع ہونے سے کاروبار رک گیا اور مالی نقصان ہوا۔ اہل علاقہ نے بارہا شکایات کے باوجود حکام کی غیر سنجیدگی پر تشویش ظاہر کی اور مطالبہ کیا

کسٹمز انفورسمنٹ کی کارروائی، 38 ہزار لیٹر ہائی اسپیڈ ڈیزل اسمگلنگ ناکام

بلوچستان کے ساحل پر غیر ملکی ڈیزل کی اسمگلنگ برداشت نہیں کی جائے گی، کسٹمز انفورسمنٹ

کوئٹہ (یو این اے) کسٹمز انفورسمنٹ کراچی کے میرین یونٹ نے بلوچستان کی ساحلی پٹی کے قریب کھلے سمندر میں بڑی کارروائی کرتے ہوئے ہائی اسپیڈ ڈیزل کی اسمگلنگ کی کوشش ناکام بنا دی۔ کارروائی کے دوران الغفوری اور الکبیر نامی دو لانچوں سے مجموعی طور پر 38 ہزار 265 لیٹر غیر ملکی ہائی اسپیڈ ڈیزل برآمد کر لیا گیا۔ کلکٹریٹ آف کسٹمز انفورسمنٹ کے مطابق میرین یونٹ نے مصدقہ اطلاع پر بلوچستان کے ساحلی علاقے ملان میں آپریشن کیا، جس کا مقصد کھلے سمندر میں غیر قانونی ایندھن کی اسمگلنگ روکنا تھا۔ کارروائی کے دوران لانچ الغفوری سے 18 ہزار 100 لیٹر جبکہ لانچ الکبیر سے 20 ہزار 165 لیٹر ہائی اسپیڈ ڈیزل ضبط کیا گیا۔ کسٹمز انفورسمنٹ میرین یونٹ کے مطابق دونوں لانچیں قبضے میں لے لی گئی ہیں جبکہ ضبط شدہ ڈیزل اور لانچوں کی مجموعی مالیت تقریباً 4 کروڑ روپے بتائی جا رہی ہے۔

پولیس کی کامیاب کارروائی، چوری شدہ زرنج رکشہ برآمد، دو ملزمان گرفتار

جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیاں مزید تیز کی جائیں گی، ایس ایچ او شاہ محمد ترین

قلعہ عبداللہ (یو این اے) ڈی پی او قلعہ عبداللہ شاہد جمیل کاکڑ کی خصوصی ہدایات پر سید حمید کراس پولیس نے شاندار کارروائی کرتے ہوئے کوئٹہ سے چوری شدہ زرنج رکشہ برآمد کر لیا جبکہ دو ملزمان کو گرفتار کر لیا گیا۔ پولیس ذرائع کے مطابق ایس ایچ او شاہ محمد ترین، اے ایس آئی نیک نظر، زرک خان اور محمد قسیم اچکزئی نے سید حمید کراس چیک پوسٹ پر سخت چیکنگ کے دوران بروقت اور مؤثر کارروائی کی، جس کے نتیجے میں چوری شدہ زرنج رکشہ برآمد ہوا اور ملزمان کو حراست میں لے لیا گیا۔ اس موقع پر ایس ایچ او شاہ محمد ترین نے کہا کہ پولیس جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیاں مزید تیز کرے گی اور عوام کے جان و مال کے تحفظ کو ہر صورت یقینی بنایا جائے گا۔ پولیس حکام کے مطابق اے ایس آئی نیک نظر، زرک خان اور محمد قسیم اچکزئی کی پیشہ ورانہ حکمت عملی کے باعث پولیس کو یہ بڑی کامیابی حاصل ہوئی۔

کراچی: وفاقی وزیر جام کمال گل پلازہ کے باہر میڈیا سے بات چیت کر رہے ہیں

ملازمین کو فسطائی حربوں سے مرعوب نہیں کیا جا سکتا ہے، ریلوے گرینڈ الائنس

پرامن ملازمین کے خلاف طاقت کا بدترین استعمال، مقدمات کا اندراج لمحہ فکریہ ہے، راجہ محمد عرفان

بلوچستان گرینڈ الائنس کے جائز مطالبات کی حمایت اور مکمل اظہار یکجہتی کرتے ہیں، ارشد یوسفزئی

کوئٹہ (پ ر) ریلوے گرینڈ الائنس نے کوئٹہ میں سرکاری ملازمین کو احتجاج سے روکنے، ان پر طاقت کے بے جا استعمال کی بھرپور مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ پرامن ملازمین کے خلاف طاقت کا بدترین استعمال، مقدمات کا اندراج ہم سب کے لئے بہت بڑا لمحہ فکریہ ہے اگر کسی کو یہ غلط فہمی ہے کہ ملازمین کو فسطائی حربوں سے مرعوب نہیں کیا جا سکتا ہے تو اس کی بہت بڑی بھول ہے، بلوچستان حکومت گرینڈ الائنس کے جائز مطالبات تسلیم کرے۔ یہاں جاری ہونے والے بیان میں ریلوے گرینڈ الائنس کوئٹہ ڈویژن کے صدر راجہ محمد عرفان، جنرل سیکرٹری ارشد یوسفزئی، وڈیرہ ظہور احمد رند، عطاء محمد بلوچ، اختر سنجرانی، ڈاکٹر عبداللہ شاہوانی، عطاء اللہ منگلوئی، محمد عتیق، ربانی اچکزئی، سید عمران آغا نے اپنے ایک مشترکہ بیان میں کہا کہ منگل کے روز کوئٹہ میں پولیس نے بلوچستان گرینڈ الائنس کے مظاہرے اور احتجاج کو روکنے کے لئے جو حربے استعمال کئے ہر لحاظ سے قابل مذمت ہیں علی الصبح سے انتظامیہ نے خود ہی کنٹینر کھڑے کر کے شہریوں کو مصیبت میں ڈالا اس کے بعد اپنے مطالبات کے حق میں احتجاج کی کوشش کرنے والے ملازمین کے خلاف طاقت کا استعمال کیا گیا اور دن بھر شہر میں پولیس اور ملازمین کے مابین آنکھ مچولی جاری رہی جس سے شہر بھر میں ٹریفک کی روانی بھی متاثر ہوئی اور عوام میں اس تاثر نے بھی جنم لیا کہ حکومت پرامن احتجاج سے خائف ہے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ بڑھتی ہوئی مہنگائی اور دیگر محکمانہ مسائل حل طلب ہیں ان کے حل کے لئے حکومت کو سنجیدگی دکھانی چاہئے اور بلوچستان گرینڈ الائنس کے جائز مطالبات تسلیم کرنے چاہئیں۔ بیان میں بلوچستان گرینڈ الائنس سے مکمل یکجہتی کا اظہار کرتے ہوئے حکومت سے اپیل کی گئی ہے وہ گرینڈ الائنس کے چارٹر آف ڈیمانڈ کو منظور کرے گرفتار ملازمین کو رہا کیا جائے اور ملازمین کے خلاف کسی بھی قسم کا انتقامی اقدام نہ کیا جائے۔

کوئٹہ میں بلوچستان گرینڈ الائنس کے رہنماؤں کی گرفتاریاں قابل مذمت، کفایت اللہ بلوچ

نصیرآباد (این این آئی) نصیرآباد کے ممتاز سیاسی و سماجی شخصیت کفایت اللہ بلوچ نے اپنے جاری کردہ بیان میں کوئٹہ میں بلوچستان گرینڈ الائنس کے رہنماؤں کی گرفتاریوں کی مذمت کرتے ہوئے فوری طور پر رہائی کا مطالبہ کر دیا انہوں نے کہا کہ فارم 47 حکومت نے پرامن احتجاج کے پاداش میں سرکاری ملازمین کو گرفتار کر دیا ہے حالانکہ بلوچستان گرینڈ الائنس ملازمین کے جائز مطالبات کے حق میں پرامن احتجاج کر رہے تھے حکمران کے جائز مطالبات منظور کرنے کی بجائے ان پر تشدد کر کے انہیں گرفتار کر لیا گیا حالانکہ حکومت اور مذاکراتی ٹیم کے ساتھ مطالبات منظور کے لیے یقین دہانیاں کرائے گئے تھے

شدید دھند کے باعث موٹرویز بند، غیر ضروری سفر سے گریز کی ہدایت

موٹروے ایم ون پشاور سے اسلام آباد تک ہر قسم کی ٹریفک کے لیے کھول دی گئی

لاہور (بیورو رپورٹ) شدید دھند کے باعث موٹروے پولیس نے مسافروں کی حفاظت کے پیش نظر موٹروے کے مختلف سیکشنز ٹریفک کے لیے بند کر دیے ہیں۔ ترجمان کے مطابق حد نگاہ میں شدید کمی کے باعث حادثات کے خدشے کے مدنظر رکھتے ہوئے یہ فیصلہ کیا گیا ہے۔ حد نگاہ میں بہتری آنے پر موٹروے ایم ون پشاور سے اسلام آباد تک ہر قسم کی ٹریفک کے لیے کھول دی گئی۔ تفصیلات کے مطابق موٹروے ایم-2 ٹھوکر نیاز بیگ سے کوٹ مومن تک بند رہا جبکہ ایم-3 فیض پور سے رجانہ تک ٹریفک کے لیے بند کر دی گئی ہے۔ اسی طرح ایم-4 پنڈی بھٹیاں سے فیصل آباد تک اور ایم-5 روہڑی سے رحیم یار خان تک بند رہا۔ موٹروے ایم-11 لاہور سے سمبڑیال تک شدید دھند کے باعث ٹریفک کے لیے بند کر دی گئی ہے۔ موٹروے پولیس نے شہریوں کو ہدایت کی کہ غیر ضروری سفر سے گریز کریں، حد نگاہ بہتر ہونے تک سفر مؤخر کریں اور تازہ صورتحال جاننے کے لیے موٹروے پولیس ہیلپ لائن سے معلومات حاصل کریں۔

نیب کی تقریب، بینکرز سٹی ہاؤسنگ سکیم فراڈ کے متاثرین کو رقوم واپس کر دی گئی

قومی احتساب بیورو نے 2007 میں عوامی شکایات کی بنیاد پر قانون کے مطابق اپنی تفتیش کا آغاز کیا تھا

316 درخواست گزاروں کو 120 ملین روپے کی رقم حمیت آرڈرز (پی اوز) کے ذریعے ادا کی گئی

اسلام آباد (زاہد احمد خان) نیب ہیڈ کوارٹرز اسلام آباد کی جانب سے ایک تقریب منعقد کی گئی جس میں بینکرز سٹی ہاؤسنگ سکیم فراڈ کے متاثرین کو ان کی بازیاب کرائی گئی رقوم واپس کی گئیں۔ تقریب کی صدارت چیئرمین نیب لیفٹیننٹ جنرل (ر) نذیر احمد نے کی جس میں ڈپٹی چیئرمین سہیل ناصر، پراسیکیوٹر جنرل احتساب سید احتشام قادر شاہ، ڈائریکٹر جنرلز اور دیگر اعلیٰ افسران کے ساتھ ساتھ بڑی تعداد میں متاثرہ افراد نے شرکت کی۔ بینکرز سٹی ہاؤسنگ کا فراڈ 2006 میں منظر عام پر آیا اور 2007 میں نیب نے عوامی شکایات کی بنیاد پر قانون کے مطابق اس پر اپنی تفتیش کا آغاز کیا۔ نیب تحقیقات کے مطابق اس سوسائٹی کو نومبر 2003 میں SECP میں رجسٹر کروایا گیا تھا۔ مذکورہ سوسائٹی اسلام آباد، راولپنڈی اور ہری پور کے موضعات پر محیط تھی جس کا کل رقبہ 14000 کنال تھا۔ اسکیم کی انتظامیہ نے جعلی دستاویزات، فرضی الاٹمنٹ اور گمراہ کن تشہیر کے ذریعے سینکڑوں شہریوں سے رقوم اکٹھی کیں مگر انہیں زمین کے کاغذات دینے میں ناکام رہے۔ نیب نے اس معاملے میں جامع انکوائری کی اور ملزمان سے 1209 ملین روپے کی رقم بازیاب کروائی جو کہ مرحلہ وار 2200 متاثرین میں تقسیم کی جائے گی۔ آج کی تقریب کے دوران، 476 متاثرین کو مجموعی طور پر 341 ملین روپے کی رقم دی گئی، جس میں 316 درخواست گزاروں کو 120 ملین روپے کی رقم حمیت آرڈرز (پی اوز) کے ذریعے اور 160 درخواست گزاروں کو 221 ملین روپے آن لائن ٹرانزیکشنز کے ذریعے منتقل کی گئی۔ قابل ذکر بات یہ ہے کہ نیب نے اصل سرمایہ کاری کی رقم سے ڈھائی گنا زیادہ رقم متاثرین کو واپس کی۔ اس موقع پر متاثرین سے خطاب کرتے ہوئے چیئرمین نیب نے نیب (اسلام آباد/راولپنڈی)، لاہور، عدلیہ اور نیب کے پراسیکیوٹر جنرل اکاؤنٹیبلٹی کو خراج تحسین پیش کیا۔ آخر میں چیئرمین نیب نے اس کیس کی تفتیشی ٹیم کے ممبران میں تعریفی شیلڈز تقسیم کرتے ہوئے

پاکستان میں ایرانی سفیر کا سانحہ گل پلازہ پر گہرے دکھ کا اظہار

اسلام آباد (زاہد احمد خان) پاکستان میں ایران کے سفیر رضا امیری مقدم نے گل پلازہ میں آتشزدگی سے اموات اور مالی نقصان پر گہرے دکھ کا اظہار کیا ہے۔ ایرانی سفیر رضا امیری مقدم نے اپنے بیان میں کہا کہ وہ اس سانحہ میں جدا ہوئے عزیز بھائیوں اور بہنوں کے لواحقین کیلئے دعاگو ہیں۔ رضا امیری مقدم نے کہا کہ وہ واقعہ میں جھلس کر زخمی افراد کی جلد از جلد صحت یابی کیلئے بھی دعاگو ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اللہ تعالیٰ ریسکیو ٹیمز اور پولیس فورسز کو مزید قوت، کامیابی اور تحفظ دے جو کہ اس مشکل گھڑی میں انتہائی جرات مندی کے ساتھ اپنا فریضہ انجام دے رہے ہیں۔

گل پلازہ آتشزدگی، متاثرین کا ریسکیو آپریشن تیز کرنے کا مطالبہ

کراچی (بیورو رپورٹ) سانحہ گل پلازہ کے چوتھے روز ریسکیو اہلکار جلی ہوئی عمارت کے بیشتر حصوں میں داخل ہو گئے، سرچ اینڈ ریسکیو آپریشن جاری، عمارت میں پھنسے شہریوں کے اہل خانہ نے ریسکیو آپریشن تیز کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔ متاثرین کے مطابق اب تک پیاروں کی اطلاع نہیں ملی۔ متاثرین نے ریسکیو ورکرز کی جانب سے تعاون نہ کرنے کی بھی شکایت کی۔ لاپتہ دکاندار انس کے والد عمران نے کہا کہ ریسکیو اہلکار اندر جا کر صرف بلڈنگ پر پانی مار رہے ہیں، ہم نے اندر جانے کی کوشش کی تو ڈنڈے مارے گئے۔ انس کی والدہ اور بیوی پہلے دن سے اس کے انتظار میں بیٹھے ہیں۔ کہتے ہیں انس کو لئے بغیر نہیں جائیں گے۔ یاد رہے کہ کراچی میں ایم اے جناح روڈ پر واقع گل پلازہ شاپنگ سینٹر میں ہفتے کی رات لگنے والی آگ پر بالآخر 33 گھنٹے بعد قابو پایا گیا، متاثرہ عمارت کا ایک اور حصہ گر گیا۔

NOTICE INVITING TENDER

The Chief Officer Municipal Corporation Dera Allayar invites sealed percentage rated tender under Balochistan Special Development Initiative (BSDI) for the year 2025-26 based on Composite Schedule of Rates 2023 Government of Balochistan amended up-to-date from interested Contractor/Firms for the works mentioned below: (Time limit 30th June, 2026) Detail as under:

S#	Name of Schemes	Allocation	Bid Security (2%)
1	Construction of Two Shades & Toilets at New Bus Ada Dera Allah Yar (TSE-252601948343)	20,000,000	400,000
2	Fixing Tuff Tiles at Noonari Colony Dera Allah Yar, District Jaffarabad (TSE-252601948373)	2,000,000	40,000

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** Presence in Active Tax Payer List The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency of Pakistan Balochistan Revenue Authority Registration is required The bidder must have completed 3 Assignment of similar nature Turnover of at least 1,400,000 PKR Amount in3 subsequent previous years showing financial capacity of the firm **Procedure of Procurement: (Single Stage One Envelope Bidding Procedure) Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of **Deposit at Call of 2%** specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The bidding documents can be obtained from the office of the under-signed and can also be downloaded from BPPRA website (www.bppra.org.pk) from the date of advertisement on presentation of request application. **Tender Fee Rs.2,000/-** of each tender to be deposited in the Account No. **3093987591** NBP Dera Allayar branch. (Nonrefundable) must be accompanied along with technical proposal. **Issuance of tender Documents:** From the date of publication of NIT to **06 February, 2026** during office hours on working days **Last Date of bid submission:** The tenders must be submitted latest by **06 February, 2026 till 11:00 AM. Tender opening:** All tenders will be opened on the same day at the office of the under- signed at **12:00 PM Address:** Office of the Municipal Corporation Dera Allayar Phone no 0838510343 Email: mcorp.dy0838@gmail.com

Chief Officer,
Municipal Corporation Dera Allayar

AB No.734/20-01-2026 www.dpr.gob.pk @dpr_gob dpr.gob dpr.balochistan

PEOPLE'S PRIMARY HEALTHCARE INITIATIVE, BALOCHISTAN

(Regd. Under Section 42 of Companies Ordinance, 1984)

TENDER NOTICE

Tender No	Description	Closing / Opening Date & Time
PPHI-BALOCHISTAN/ H.O BLN/12-25/ BHUs – M.E/25-26	Procurement and Supply of Medical Equipment's for Basic Health Units of PPHI - Balochistan	Bid Submission: 9th FEB, 2026 Till 11:00 A.M. Technical Opening: 9th FEB, 2026 Till 12:00 P.M Financial Opening: Shall be communicated to qualified bidders after technical evaluation.

Tenders are inviting from FBR/BRA active filers (companies/firms) under relevant tariff code Tender fee is RS 2000/- (non-refundable) for each tender in the form of pay Orders/ Demand Draft in favor of People's Primary Healthcare Initiative – Balochistan. Tender Documents with detail of scope work can be downloaded from PPHI-Balochistan website at http://pphib.org.pk/pphi-b/tenders/ must be accompanied by Bid security of 2% in shape of Call Deposit in favor of People's Primary Healthcare Initiative – Balochistan must be delivered along with company profile to Manager Admin PPHI-Balochistan Head Office, Quetta.

MANAGER ADMIN
PPHI - BALOCHISTAN. TEL: 081-2863620

TENDER NOTICE

The Balochistan Development Authority invites sealed percentage rates tenders based on Composite Schedule of Rates, 2023 Government of Balochistan from interested contractors/firms for the following project:

S.#	Description of Work	E/Cost
1.	Installation of 160KW – Solar PB system for the Chromite Beneficiation Plant Muslim Bagh Distt. Killa Saifullah. **TSE-252601949011**	**19,988,984**

The Procurement shall be carried out in accordance with the Balochistan Public Procurement Authority Rules, 2014. **Eligibility:** - The Contractor must have registration with Tax authorities i.e. (active Tax Payers List (ATL) of FBR, NTN, & BRA) valid registration with Pakistan Engineering Council in relevant Category with PEC code(s) for the year of 2025-26. The firm will submit original Affidavit (on Rs. 100 judicial stamp paper) regarding undertakings for non-blacklisting by any Government department. Any person other than the original firm owner must submit an Affidavit (on Rs. 100 judicial stamp paper) authorizing the person to participate in the bidding process along with a copy of CNIC of the firm's owner as well as the authorized person. **Method of Procurement:** - Single-stage, One envelope. **Bidding / tender Documents:- Issuance:** - Bidding/ Tender documents will be available on BPPRA website (www.bppra.gob.pk) **Tender Fee:** - Tender fee (Challan Form) **Rs.2000/-** (Non – refundable) in Account Title: Chairman BDA. Account No. **0010006476780067** through Bank Challan in Allied Bank Limited near Chamber of Commerce Zarghoon Road Quetta Cantt: **3) Call Deposit / earnest money:** - **(2%)** earnest money of the estimated cost in the shape of a call deposit in favor of Chairman BDA. **No cheque on this account shall be accepted. Submission/Opening:** - The last date for submission of tenders/documents will be **04th February, 2026 till 12:00 (Noon)** and will be opened in the presence of contractors or their authorized representatives who may choose to be present at the time. **Place of Issuance, Submission, Inquiries and opening:- Address:** - G.M. (Tendering Cell) Balochistan Development Authority Head office, Zarghoon Road Quetta Cantt: **Telephone:** - 9201775 – 9201875 **Fax No.** 9202844. **Term & Conditions:** - Terms and conditions are mentioned (incorporated) in detail in bidding documents. A procuring agency may cancel the bidding process any time prior to the acceptance of a bid or proposal, as per provisions in B-PPRA rule, 2014.

CHAIRMAN
Balochistan Development Authority Head Office, Zarghoon Road Quetta Cantt:
Phone No.081-9201875 – 9201775

AB No.735/20-01-2026 www.dpr.gob.pk @dpr_gob dpr.gob dpr.balochistan

TENDER NOTICE

TSE-252601948883 Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB. The Lasbela Industrial Estates Development Authority invites bids from Eligible Bidders for execution of following works for the Year 2026 based on Composite schedule rates 2023 on Percentage Rates

Tender Fee 2000 PKR and Bid Security 2%

S.No	Name of Work/s	E/Cost
1	Construction of Re-Carpeting work of link Road from Shafi Gluco Sector B to Haji Salam Market Plot No.DC-9 & M/s Orient automobile to M/s Otsuka Sector (A&F) at HITE hub.	19,995,604

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** Presence in Active Tax Payer List The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency of Pakistan Balochistan Revenue Authority Registration is required The bidder must have completed 2 Assignment of similar nature Work Turn over of at least 13,996,922 PKR Amount in2 subsequent previous years showing financial capacity of the firm **Procedure Of Procurement:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of Bank Gurantee,Deposit at Call of 2% specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The bidding documents can be obtained from the office of the under-signed on 2,000 PKR **Issuance of tender Documents:** From the date of publication of NIT to 09 February, 2026during office hours on working days **Last Date of bid submission:** The tenders must be submitted latest by 09 February, 2026till 12:00 PM. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at the office of the under-signed at 01:00 PM Address: Nazar Chorangi, HITE, HUB, District Lasbela, Balochistan Phone no: 0853303361 Email: info@lieda.gov.pk

Managing Director
Lasbela Industrial Estates Development Authority

AB No.737/20-01-2026 www.dpr.gob.pk @dpr_gob dpr.gob dpr.balochistan

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق ومغرب (قرآن حکیم)

مشرق

چیف ایگزیکٹو، پرنٹر و پبلشر سید ممتاز احمد نے ایم ای ایم (پرائیویٹ) لمیٹڈ کیلئے مشرق پریس سے چھپوا کر A-4 ماڈل ٹاؤن حالی روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔ چیف ایگزیکٹو سید ممتاز احمد

ٹیلی فون نمبر:۔2829164-2821538-2821626 فیکس نمبرز:۔2830228-2835934

ای میل mashriqqta2008@gmail.com

بدھ 21 جنوری 2026ء

ترقی کے سفر میں تمام صوبوں کو ایک ساتھ لے کر آگے بڑھنے کا عزم

وزیراعظم شہباز شریف نے جھوٹ اور پراپیگنڈے کی بنیاد پر نوجوانوں کے ذہنوں میں زہر گھولنے کو بدقسمتی قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ دیگر صوبوں نے این ایف سی میں ملنے والے وسائل سے فائدہ اٹھا کر بھرپور ترقی کی لیکن خیبر پختونخوا میں یہ نظر نہیں آتی، چاروں صوبوں کی ترقی سے پاکستان آگے بڑھے گا، ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز قومی ورکشاپ میں خیبر پختونخوا کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ وزیراعظم شہباز شریف نے ترقی کے سفر میں تمام صوبوں کو ایک ساتھ لے کر آگے بڑھنے کے عزم کا اعادہ کرتے ہوئے کہا کہ 2010 میں این ایف سی ایوارڈ میں پنجاب نے پہل کی اور تمام صوبوں نے مل کر اپنے حصے سے ایک فیصد خیبر پختونخوا کو دہشت گردی کے مقابلے کے لئے دینے کا فیصلہ کیا بلوچستان کیلئے بھی پنجاب نے اپنے حصے سے اضافی وسائل فراہم کئے اور بلوچستان کیلئے 100 فیصد اضافہ کیا گیا، یہ کوئی احسان نہیں ہے اگر پنجاب ترقی کرتا ہے اور باقی نہیں تو یہ پاکستان کی ترقی نہیں، حکومت کا ایمان ہے کہ چاروں صوبے ترقی کریں گے تو پاکستان ترقی کرے گا۔ ہم وزیراعظم شہباز شریف کے عزم کو سراہتے ہیں کیونکہ یہ عین حقیقت ہے کہ پاکستان کی ترقی کسی ایک صوبے یا خطے تک محدود نہیں ہو سکتی۔ جب تک چاروں صوبے یکساں طور پر آگے نہیں بڑھیں گے، تب تک قومی ترقی کا خواب شرمندہ تعبیر نہیں ہوسکتا چاروں صوبوں کی ترقی سے ہی پاکستان آگے بڑھے گا یہ ایک ایسی اٹل حقیقت ہے جسے جھٹلایا نہیں جاسکتا وزیراعظم شہباز شریف نے قومی ورکشاپ میں خیبر پختونخوا کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے جن نکات کی نشاندہی کی، وہ ملک کے سیاسی، معاشی اور سماجی تناظر میں غیر معمولی اہمیت کے حامل ہیں۔ نوجوانوں کے اذہان میں جھوٹ اور پراپیگنڈے کے ذریعے بداعتمادی پیدا کرنا واقعی ایک بدقسمتی ہے، کیونکہ نوجوان کسی بھی قوم کا سب سے قیمتی اثاثہ ہوتے ہیں۔ اگر انہیں حقائق سے دور رکھا جائے تو نہ صرف قومی یکجہتی متاثر ہوتی ہے بلکہ ترقی کا سفر بھی تعطل کا شکار ہو جاتا ہے۔ وزیراعظم کا یہ کہنا بالکل درست ہے کہ دیگر صوبوں نے این ایف سی ایوارڈ کے تحت ملنے والے وسائل سے فائدہ اٹھا کر ترقی کی، مگر خیبر پختونخوا میں وہ ترقی نظر نہیں آتی جو ہونی چاہیے تھی یہ امر بھی ریکارڈ کا حصہ ہے کہ دو ہزار دس میں این ایف سی ایوارڈ کے موقع پر پنجاب نے پہل کرتے ہوئے اپنے حصے سے ایک فیصد خیبر پختونخوا کو دہشت گردی کے خلاف جنگ کے لئے دینے کا فیصلہ کیا، جس پر تمام صوبوں نے اتفاق کیا۔ گزشتہ پندرہ برسوں میں تقریباً 800 ارب روپے خیبر پختونخوا کو دہشت گردی سے نمٹنے کے لئے فراہم کئے گئے اور یہ سلسلہ آج بھی جاری ہے۔ اسی طرح بلوچستان کے لئے بھی پنجاب نے اپنے حصے سے اضافی وسائل فراہم کئے اور اس صوبے کے حصے میں سو فیصد اضافہ کیا گیا۔ وزیراعظم کا یہ کہنا کہ یہ کوئی احسان نہیں بلکہ قومی ذمہ داری ہے، ایک مثبت اور بالغ نظر سوچ کی عکاسی کرتا ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ اگر پنجاب ترقی کرتا ہے اور باقی صوبے پیچھے رہ جائیں تو یہ پاکستان کی ترقی نہیں کہلا سکتی۔ وطن عزیز پاکستان کی ترقی، مضبوطی واستحکام کا دارومدار صوبوں کے درمیان توازن، انصاف اور مساوی ترقی پر ہے۔ بلوچستان اور خیبر پختونخوا جیسے صوبے نہ صرف جغرافیائی لحاظ سے اہم ہیں بلکہ یہ طویل عرصے سے دہشت گردی، پسماندگی اور محرومی جیسے مسائل کا بھی شکار رہے ہیں۔ ایسے میں وفاقی حکومت کی یہ ذمہ داری بنتی ہے کہ وہ ان صوبوں پر خصوصی توجہ دے، اور موجودہ حکومت اس حوالے سے سنجیدہ اقدامات کرتی نظر آتی ہے۔ وزیراعظم شہباز شریف کی قیادت میں موجودہ حکومت نے نہایت مشکل اور نامساعد حالات میں اقتدار سنبھالا۔ ملک کو درپیش معاشی بحران، بڑھتی ہوئی مہنگائی، زرمبادلہ کے ذخائر میں کمی، سیاسی عدم استحکام اور دہشت گردی جیسے سنگین چیلنجز کسی سے پوشیدہ نہیں تھے۔ تاہم اس کے باوجود حکومت نے معیشت اور معاشرت کو درپیش مسائل سے نمٹنے کے لئے غیر معمولی، دوٹوک اور بعض اوقات سخت فیصلے کئے۔ ان فیصلوں کے نتائج اب بتدریج سامنے آرہے ہیں۔ معیشت میں استحکام کے آثار نمایاں ہیں، مالیاتی نظم وضبط بہتر ہو رہا ہے، اور معاشی اشاریے بتاتے ہیں کہ ملک آہستہ آہستہ بہتری اور استحکام کی جانب گامزن ہے۔ یہ کہنا بے جا نہ ہوگا کہ موجودہ حکومت نے قلیل مدت میں وہ اقدامات کئے جن کے اثرات طویل مدت تک محسوس کئے جائیں گے۔ عالمی مالیاتی اداروں کے ساتھ معاملات ہوں یا اندرونی اصلاحات، حکومت نے ذمہ داری اور سنجیدگی کا مظاہرہ کیا۔ اس تناظر میں صوبوں کا کردار بھی نہایت اہم ہے۔ وفاقی حکومت اگر تمام صوبوں پر یکساں توجہ دے رہی ہے تو صوبائی حکومتوں پر یہ فرض عائد ہوتا ہے کہ وہ وفاق کا ساتھ دیں، وسائل کا درست استعمال کریں اور عوامی فلاح کے منصوبوں کو ترجیح دیں۔ جہاں تک بلوچستان اور خیبر پختونخوا کا تعلق ہے، یہ امر واقعہ ہے کہ یہ دونوں صوبے نسبتاً زیادہ مسائل کا شکار ہیں۔ دہشت گردی نے نہ صرف ان صوبوں کی معاشی ترقی کو متاثر کیا بلکہ سماجی ڈھانچے کو بھی نقصان پہنچایا۔ ایسے حالات میں وفاقی حکومت کی جانب سے اضافی وسائل کی فراہمی، ترقیاتی منصوبوں کا آغاز اور سکیورٹی کے لئے خصوصی اقدامات قابل تحسین ہیں۔ وزیراعظم نے بلوچستان کے حوالے سے جو باتیں کیں، وہ یقیناً اطمینان بخش ہیں۔ بلوچستان کے عوام طویل عرصے سے احساس محرومی کا شکار رہے ہیں مگر اب یہ محسوس ہو رہا ہے کہ ان کے مسائل کو قومی سطح پر تسلیم کیا جارہا ہے اور ان کے حل کے لئے عملی اقدامات کئے جارہے ہیں۔ یہی وہ طرز عمل ہے جو وفاق اور صوبوں کے درمیان اعتماد کو مضبوط کرتا ہے اور قومی یکجہتی کو فروغ دیتا ہے۔ نوجوانوں کو روزگار کے مواقع فراہم کرنا کسی بھی حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہونا چاہئے، اور وزیراعظم نے اس حوالے سے بھی واضح کیا کہ خیبر پختونخوا سمیت چاروں صوبوں کے نوجوانوں کے لئے مختلف پروگرام شروع کئے گئے ہیں۔ نوجوانوں کو باعزت روزگار ملے گا تو نہ صرف معاشی سرگرمیاں بڑھیں گی بلکہ منفی رجحانات اور انتہاپسندی کا بھی سدباب ہوگا۔ یہ ایک حقیقت ہے کہ بیروزگاری دہشت گردی اور بدامنی کو جنم دیتی ہے، اس لئے روزگار کی فراہمی امن واستحکام کی ضمانت بھی ہے۔ دہشت گردی کے مکمل خاتمے اور معیشت ومعاشرت کو درپیش چیلنجز سے نمٹنے کے لئے یہ ناگزیر ہے کہ تمام سیاسی جماعتیں اور تمام اسٹیک ہولڈرز ذاتی و جماعتی مفادات سے بالاتر ہوکر وفاقی حکومت کے ہاتھ مضبوط کریں۔ قومی سلامتی اور معاشی استحکام جیسے معاملات پر سیاسی پوائنٹ اسکورنگ ملک وقوم کے ساتھ ناانصافی کے مترادف ہے۔ اختلاف رائے جمہوریت کا حسن ہے، مگر قومی مفاد پر اتفاق رائے وقت کی اہم ضرورت ہے۔

برسوں سے پرورش پانے والی ہماری سیاست وصحافت کی بے توقیری

برملا — نصرت جاوید



پاکستان کی سیاست فی الوقت دائروں میں سفر کررہی ہے۔ 1970ء کی دہائی سے ملکی سیاست پر چھائی پیپلز پارٹی سندھ میں اپنی صوبائی حکومت کے مسلسل 17 سال مکمل کرلینے کے بعد اپنے جواں سال چیئرمین کے ذریعے اسلام آباد کے ایوان صدر میں کسی سیمینار کے لئے اپنائے طریقہ کار کو استعمال کرتے ہوئے مائیکروسافٹ پاور پوائنٹ اور سلائیڈز وغیرہ کے ذریعے ڈونر ایجنسیوں اور ترقیاتی کاموں سے وابستہ تنظیموں کو اس امر پر قائل کررہی ہے کہ اس کے دور حکومت میں سندھ کے عوام کی بھلائی کے لئے انقلابی اقدامات لئے گئے ہیں۔ مسلم لیگ (نون) کی ساری توجہ ملک کو دیوالیہ ہونے سے بچانے کے بعد اب شرح نمو کے راستے تلاش کرنے پر مرکوز ہے۔ پنجاب میں اس کی صوبائی حکومت محترمہ مریم نواز صاحبہ کی قیادت میں تقریباً روزانہ کی بنیاد پر ترقیاتی منصوبے متعارف کروارہی ہے۔ دونوں جماعتوں کے رویے سے تاثر یہ ملتا ہے کہ انہیں 2029ء تک اقتدار میں رہنے کا کامل یقین ہے۔ پانچ سالہ اقتدار کے

زندگی سے سیکھیں

روزن خیال — مریم گیلانی

پاکستان چین تعلقات: اعتماد، تعاون اور قربانیوں کا سفر

تلخ نوائی — معین الحق

ایران کی صورتحال، خطے میں تشویش

گردوپیش — ڈاکٹر رشید احمد خان

دیارِ حجاز میں!!

زیب داستان — ڈاکٹر لبنیٰ ظہیر

برآمدات، بجلی اور ڈیجیٹل معیشت

اظہار خیال — عمران یعقوب خان



شاہی ٹٹو

خیالات



'شاہی' کا مطلب تو آپ جانتے ہوں گے۔ دوسرے معنوں میں 'بادشاہی' اور شاید ٹٹو کا بھی۔ اس لفظ کو عنوان بنانے کی غرض سے صبح سویرے ادھر ادھر نگاہ ڈالی تو اس کا ایک دلچسپ مطلب یہ نکلا کہ ارادہ تو ہے پر طاقت نہیں۔ عام طور پر ٹٹو چھوٹے گھوڑے کو بھی کہتے ہیں۔ وہ دن یاد ہے ایران کے سابق شہنشاہ رضا شاہ پہلوی جب 16 جنوری 1979 کو

پہلوی کی پریس کانفرنس کو مغربی میڈیا پر دیکھا تو پرانی کہانی ذہن میں گردش کرگئی جو پس منظر کے طور

کام کے معیار پر سمجھوتہ نہیں تمام پروجیکٹس کی باقاعدہ سائٹ وزٹس کیے جائیں گے، ڈی سی جعفرآباد

بی ایس ڈی آئی کے تحت جاری ترقیاتی اسکیمیں عوامی فلاح و بہبود سے براہ راست منسلک ہیں، خالد خان

تمام محکمے موثر کوآرڈینیشن کے ساتھ کام کریں تاکہ ترقیاتی منصوبوں کے ثمرات جلد عوام تک پہنچ سکیں، خطاب

جعفرآباد (خ ن) ڈپٹی کمشنر جعفرآباد خالد خان کی زیرصدارت بی ایس ڈی آئی فیز ون اور فیز ٹو کے تحت جاری ترقیاتی اسکیموں سے متعلق جائزہ اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ایگزیکٹو انجینئر پبلک ہیلتھ انجینئرنگ محمد کاظم لونی، ایگزیکٹو انجینئر ایریگیشن وزیر گل حسن کھوسہ، چیف آفیسر میونسپل کارپوریشن احمد نواز جنگ سمیت مختلف محکموں کے ضلعی سربراہان نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران بی ایس ڈی آئی فیز ون کی تکمیل کی موجودہ صورتحال، بلوں کی بروقت جمع آوری اور کلیئرنس کے عمل کا تفصیلی جائزہ لیا گیا جبکہ فیز ٹو کے تحت منظور شدہ اسکیموں پر عملدرآمد کو یقینی بنانے کے لیے کی گئی منصوبہ بندی پر بھی غور کیا گیا۔ اجلاس میں فیز ون اور فیز ٹو کے تحت شامل تمام ترقیاتی منصوبوں کے سائٹ دوروں، کام کے معیار، رفتار اور شفافیت سے متعلق امور پر بھی تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر جعفرآباد خالد خان نے کہا کہ بی ایس ڈی آئی کے تحت جاری ترقیاتی اسکیمیں عوامی فلاح و بہبود سے براہ راست منسلک ہیں، اس لیے ان کی بروقت تکمیل، اعلیٰ معیار اور شفاف عملدرآمد کو ہر صورت یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ فیز ون کے مکمل شدہ منصوبوں کے بلوں کی کلیئرنس میں کسی قسم کی تاخیر نہ کی جائے اور فیز ٹو کے منصوبوں پر کام مقررہ ٹائم لائن کے مطابق شروع اور مکمل کیا جائے۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ تمام محکمے باہمی رابطہ اور موثر کوآرڈینیشن کے ساتھ کام کریں تاکہ ترقیاتی منصوبوں کے ثمرات جلد از جلد عوام تک پہنچ سکیں۔ انہوں نے واضح کیا کہ تمام پروجیکٹس کے باقاعدہ سائٹ وزٹس کیے جائیں گے اور کام کے معیار پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔ ڈپٹی کمشنر جعفرآباد نے مزید کہا کہ ترقیاتی اسکیموں میں شفافیت، رفتار اور معیار حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہیں اور اس ضمن میں کسی بھی قسم کی غفلت یا کوتاہی برداشت نہیں کی جائے۔

کوہلو، ضلعی انتظامیہ اور ایف سی کے زیر اہتمام کھلی کچہری سے ای سی کبیر مزاری اور ونگ کمانڈر لیفٹیننٹ کرنل سلمان خالد شہریوں کے مسائل سن رہے ہیں

تعلیمی اداروں میں غیر حاضری برداشت نہیں کی جائے گی، ذوالفقار علی کرار

عادی غیر حاضر اساتذہ کے خلاف بیڈا ایکٹ کے تحت کارروائی عمل میں لائی جائے

نصیرآباد (خ ن) ڈپٹی کمشنر نصیرآباد کیپٹن ریٹائرڈ ذوالفقار علی کرار کی زیرصدارت ڈسٹرکٹ ایجوکیشن گروپ کا اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں خزانہ آفس سے امجد بہرانی، محکمہ ایجوکیشن کے ضلعی و تحصیل سطح کے افسران، ڈپٹی کمشنر کے پی اے منظور شیرازی، آر ٹی سی ایم اور دیگر متعلقہ افراد نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران سابقہ اجلاس میں کیے گئے فیصلوں اور اقدامات پر عملدرآمد کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اور متعلقہ افسران کی جانب سے پیش رفت سے آگاہ کیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر نصیرآباد کیپٹن ریٹائرڈ ذوالفقار علی کرار نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ تعلیمی اداروں میں غیر حاضری کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی اور اس حوالے سے زیرو ٹالرنس پالیسی اپنائی جائے گی۔ انہوں نے واضح ہدایات دیتے ہوئے کہا کہ عادی غیر حاضر اساتذہ کے خلاف بیڈا ایکٹ کے تحت سخت کارروائی عمل میں لائی جائے اور انہیں فوری طور پر شوکاز نوٹسز جاری کیے جائیں۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ اساتذہ کی حاضری یقینی بنانا تعلیمی معیار کی بہتری کے لیے ناگزیر ہے اور اس ضمن میں کسی بھی قسم کی کوتاہی ناقابل قبول ہوگی۔ انہوں نے محکمہ ایجوکیشن کے افسران کو ہدایت کی کہ اسکولوں کی مانیٹرنگ کو مزید موثر بنایا جائے، طلبہ و طالبات کی تعلیم پر خصوصی توجہ دی جائے اور تمام سرکاری تعلیمی اداروں میں نظم و ضبط کو یقینی بنایا جائے تاکہ ضلع نصیرآباد میں تعلیمی نظام کو بہتر بنایا جا سکے۔

اعلیٰ سرکاری عہدوں پر چند مخصوص افسران کی مسلسل تعیناتی پر تشویش

خضدار (بیورو رپورٹ) کنسٹرکٹرز ایسوسی ایشن آف پاکستان بلوچستان کے ترجمان نے بلوچستان میں اعلیٰ سرکاری عہدوں پر چند مخصوص افسران کی مسلسل تعیناتی پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے۔ ترجمان کے مطابق اہم اور کلیدی محکموں میں بار بار ایک ہی افسران کی گردش، دیگر اہل، تجربہ کار اور دیانت دار افسران کے ساتھ سراسر ناانصافی ہے اور بیوروکریسی میں بے چینی پیدا کر رہی ہے ترجمان نے کہا کہ محکمہ خزانہ، محکمہ مواصلات و تعمیرات اور پرنسپل سیکریٹری برائے وزیراعلیٰ جیسے اہم ادارے آج چند افسران کے قبضے میں ہیں، جبکہ درجنوں اہل افسر پوسٹنگ سے محروم ہیں۔

سبی اقلیتی برادری کے مسائل سننے، فوری تدارک کیلئے سبی میں کھلی کچہری کا انعقاد

میرج ہال کی تعمیر، آب نوشی و نکاسی آب کے مسائل، شمشان گھاٹ سے متعلق امور اور دیگر بنیادی مسائل شامل تھے

حکومت اقلیتی برادری کے بنیادی مسائل کے حل کیلئے سنجیدہ، عملی اقدامات کر رہی ہے، پارلیمانی سیکرٹری سنجے کمار چجوانی

سبی (خ ن) ضلعی انتظامیہ سبی کی جانب سے اقلیتی برادری کے مسائل سننے اور ان کے فوری تدارک کے لیے سرکٹ ہاؤس سبی میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا۔ کھلی کچہری کے مہمان خصوصی صوبائی پارلیمانی سیکرٹری برائے اقلیتی امور سنجے کمار چجوانی تھے، جبکہ ڈپٹی کمشنر سبی میجر (ر) الیاس کبزئی بھی اس موقع پر موجود تھے۔ کھلی کچہری میں ہندو، عیسائی اور والمیک برادری سے تعلق رکھنے والے افراد کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ اس موقع پر شرکاء نے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی، چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان، صوبائی پارلیمانی سیکرٹری برائے اقلیتی امور سنجے کمار چجوانی اور ضلعی انتظامیہ سبی کا شکریہ ادا کیا کہ انہوں نے اقلیتی برادری کے مسائل ان کی دہلیز پر سننے اور ان کے بہتر حل کے لیے کھلی کچہری کا انعقاد کیا۔ مختلف اقلیتی کمیونٹیز کے نمائندوں اور رہنماؤں نے اپنے مسائل سے آگاہ کیا، جن میں میرج ہال کی تعمیر، آب نوشی و نکاسی آب کے مسائل، شمشان گھاٹ سے متعلق امور اور دیگر بنیادی مسائل شامل تھے۔ کھلی کچہری میں مختلف ضلعی محکموں کے افسران بھی موجود تھے۔ کھلی کچہری سے خطاب کرتے ہوئے صوبائی پارلیمانی سیکرٹری برائے اقلیتی امور سنجے کمار چجوانی نے کہا کہ موجودہ حکومت اقلیتی برادری کے بنیادی مسائل کے حل کے لیے سنجیدہ اور عملی اقدامات کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اقلیتوں کی فلاح و بہبود حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے۔ اس موقع پر کھلی کچہری میں پیش کیے گئے مسائل پر ڈپٹی کمشنر سبی میجر (ر) الیاس کبزئی نے متعدد امور کے حل کے لیے موقع پر ہی احکامات جاری کیے اور کہا کہ ضلعی انتظامیہ اقلیتی برادری کے مسائل کے حل کے لیے خود ان کی دہلیز پر موجود ہے تاکہ مسائل کا فوری ازالہ ممکن بنایا جا سکے۔

میر محمد بلال عمرانی کا مقامی جیولرز شاپ کا باقاعدہ افتتاح

نصیرآباد (نامہ نگار) پاکستان پیپلز پارٹی کے ڈویژنل صدر اور چیئرمین مارکیٹ کمیٹی نصیرآباد میر محمد بلال عمرانی نے ڈیرہ مراد جمالی شہر میں نئے ویژن کے ساتھ بنائے گئے مقامی جیولرز شاپ کا باقاعدہ افتتاح کیا یہ شاپ 1980 سے قائم ہے اس موقع پر میر محمد بلال عمرانی کا شاندار اور پرتپاک استقبال کیا گیا شرکاء نے ان پر پھولوں کی پتیاں نچھاور کیں اور فضا خوشی و مسرت سے بھر گئی افتتاحی تقریب میں معزز شخصیات اور سماجی رہنماؤں کی بڑی تعداد نے شرکت کی، جن میں میر فرید خان عمرانی، بابو نصیر عمرانی، حاجی امداد عمرانی، حاجی موج الدین کھٹی، حاجی صحبت خان رڈ، حاجی آزاد خان رڈ، صراف ایسوسی ایشن کے صدر سلطان احمد رڈ، میونسپل کمیٹی کے کونسلر محمد عثمان ادو، خلیل احمد رڈ، احمد خان رڈ، ندیم احمد ابڑو سمیت دیگر معزز شہری شامل تھے تقریب میں شریک مہمانوں کی شیلڈز اور روایتی اجرک کے تحائف پیش کیے گئے

سعید فیض بلوچ کو بی این پی میں شمولیت پر مبارکباد

خضدار (بیورو رپورٹ) بلوچستان نیشنل پارٹی جعفرآباد خضدار کے سینئر رہنما کامریڈ منصور احمد غلامانی نے اپنے جاری کردہ بیان میں گوادر سے بی ایس او کے سابق چیئرمین ایڈووکیٹ سعید فیض بلوچ کو بی این پی میں شمولیت کرنے پر دل کی عطاء گہرائیوں سے مبارکباد دی ہے انہوں نے کہا موصوف چیئرمین سعید فیض بلوچ بی این پی کے قائد سردار اختر جان مینگل کی قائدانہ صلاحیتوں پر بھرپور اعتماد کر کے پارٹی جوائن کی ہے۔

ژوب، ڈاکٹر ایم بی رابعہ دریجو کو حسن کارکردگی ایوارڈ ملنے پر مبارکباد

ژوب (آن لائن) سول سوسائٹی ژوب شیرانی کے چیئرمین سید افضل شاہ نے ایک بیان میں کہا ہے کہ موجودہ ڈی پی ایچ آئی بلوچستان کے ڈی ای او ڈاکٹر ایم بی رابعہ دریجو کو حسن کارکردگی پر پاکستان اسٹیلیکس ایوارڈ ملنے پر تمام ژوب و شیرانی کے عوام انکو مبارکباد پیش کرتی ہے۔ ڈاکٹر ایم بی رابعہ دریجو نے بہت کم وقت میں پی پی ایچ آئی بلوچستان کی ترقی کیلئے وہ انقلابی اقدامات کئے ہیں جو کہ پہلے ناممکن دکھائی دے رہے تھے۔ ڈاکٹر ایم بی رابعہ دریجو نے آتے ہی تمام بلوچستان کے بنیادی صحت کے مراکز کے تمام سٹاف کیلئے حاضری سسٹم ڈیجیٹلائز کر دیا گیا۔ اور بلوچستان کے بنیادی صحت کے تمام سٹاف کو حاضری ایپ پر اپنی حاضری لگانی پڑ رہی ہے۔

سب تحصیل اوچ کو تحصیل کا درجہ دیا جائے، محمد قاسم بگٹی

فرید آباد (آن لائن) ضلع ڈیرہ بگٹی کو دو حصوں میں تقسیم کر کے ایک اور ضلع بنا دیا گیا ہے اور نوٹیفکیشن بھی جاری ہوا مگر سب تحصیل اوچ کو تحصیل کا درجہ نہ مل سکا ہے سب تحصیل اوچ کے عوام اور نوجوان طبقہ میں مایوسی پھیلی ہوئی ہے ان خیالات کا اظہار سب تحصیل اوچ کے رہائشی محمد قاسم بگٹی مرید خان بگٹی حیات بلوچ و دیگر رہنماؤں نے مشترکہ بیان میں کہا کہ سب تحصیل اوچ رقبہ کے لحاظ سے بھی بڑا ہے دانستہ طور پر سب تحصیل اوچ کو تحصیل کا درجہ نہیں دیا جا رہا ہے سب تحصیل اوچ اس سائنسی دور میں بھی تمام تر بنیادی سہولیات سے محروم ہیں ہسپتال نہ ہونے کی وجہ سے غریب طبقہ دور دراز علاقوں میں جا کر علاج کرانے پر مجبور ہوتے ہیں تعلیم حاصل کرنے کیلئے اسکولیں نہیں ہیں لوکل ڈومیسائل بنوانے کیلئے بھی بہت سی دشواریاں جھیلنے پڑتے ہیں

قلعہ عبداللہ، محکمہ جنگلات کے نرسری سے چوروں نے حفاظتی گیٹ ٹیوب ویل کے سولر پلیٹ چوری کرلیا ہے

دہشتگردی کے ممکنہ خطرات سے نمٹنے کیلئے پولیس کو چوکس رہنا ہوگا، ڈی آئی جی لورالائی

پولیس اہلکاروں سے اسلحہ چھیننے کا کوئی واقعہ برداشت نہیں کیا جائے گا، غفلت کے مرتکب اہلکاروں کے خلاف کارروائی ہوگی

لورالائی رینج میں موثر کارروائیوں کے باعث منشیات کے خاتمے میں نمایاں کامیابیاں حاصل ہوئی ہیں، محمد طاہر کا خطاب

لورالائی (خ ن) انسپکٹر جنرل آف پولیس بلوچستان محمد طاہر خان کے وژن کی روشنی میں لیویز سے پولیس میں انضمام کے بعد لورالائی رینج میں کمانڈ اینڈ کنٹرول سسٹم کو مزید موثر بنانے، افسران و اہلکاروں کی حاضری، نظم و ضبط اور زیرو ٹالرنس پالیسی پر سختی سے عملدرآمد کے حوالے سے ڈی آئی جی لورالائی جنید احمد شیخ نے واضح اور سخت ہدایات جاری کیں۔ ڈی آئی جی آفس لورالائی میں ڈی آئی جی لورالائی جنید احمد شیخ کی زیرصدارت ایک اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں ایس ایس پی لورالائی ملک محمد اصغر، ایس پی دکی محمد انور بادینی، ایس پی بارکھان ڈاکٹر سعادت آفریدی، ایس پی موسیٰ خیل کلیم اللہ کاکڑ، لورالائی رینج کے ڈی ایس پیز، ایس ڈی پی اوز، لیویز سے پولیس میں ضم شدہ ایس ایچ اوز، تفتیشی افسران اور دیگر پولیس افسران نے شرکت کی۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ڈی آئی جی لورالائی نے کہا کہ پولیس ایک منظم، پیشہ ور اور باقاعدہ کمانڈ اینڈ کنٹرول سسٹم کے تحت کام کرنے والی فورس ہے، لہٰذا لیویز سے پولیس میں ضم ہونے والے تمام افسران و اہلکار پولیس کمانڈ کے مطابق اپنی ذمہ داریاں انجام دیں گے۔ انہوں نے واضح کیا کہ کسی بھی قسم کا غیر رسمی یا دوہرا سسٹم ناقابل قبول ہوگا اور تمام افسران و اہلکار اپنی مقررہ جائے تعیناتی پر حاضری کو یقینی بنائیں۔ کسی بھی انتظامی یا پیشہ ورانہ مسئلے کی صورت میں فوری طور پر متعلقہ اعلیٰ حکام کو آگاہ کیا جائے۔ ڈی آئی جی لورالائی نے سیکیورٹی صورتحال پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ دہشت گردی کے ممکنہ خطرات سے نمٹنے کے لیے پولیس کو ہر وقت الرٹ اور چوکس رہنا ہوگا۔ انہوں نے سختی سے ہدایت کی کہ پولیس اہلکاروں سے اسلحہ چھیننے کا کوئی واقعہ ہرگز برداشت نہیں کیا جائے گا، جبکہ غفلت یا لاپرواہی کے مرتکب اہلکاروں کے خلاف سخت تادیبی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ انہوں نے آئی جی بلوچستان کے وژن کے مطابق منشیات کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی پر عملدرآمد پر زور دیتے ہوئے کہا کہ منشیات کے ناسور کے خلاف کسی قسم کی رعایت نہیں دی جائے گی۔ ان کا کہنا تھا کہ لورالائی رینج میں موثر کارروائیوں کے باعث منشیات کے خاتمے میں نمایاں کامیابیاں حاصل ہوئی ہیں، اور یہ سلسلہ مزید شدت کے ساتھ جاری رکھا جائے گا۔ جس ایس ایچ او کے دائرہ اختیار میں افیون یا دیگر منشیات کی کاشت پائی گئی، اس کے خلاف سخت تادیبی کارروائی کی جائے گی۔

مسلسل وارداتوں سے پودوں اور شجرکاری مہم کو نقصان پہنچ رہا ہے

ملوث عناصر کے خلاف قانونی کارروائی کی جائے، سیکیورٹی یقینی بنائی جائے

میزئی اڈہ، قلعہ عبداللہ (نامہ نگار) جنگل پیرعلیزئی میں واقع جنگلات کی نرسری میں تیسری بار چوری کا واقعہ پیش آنے پر محکمہ جنگلات و جنگلی حیات ضلع قلعہ عبداللہ نے شدید تشویش کا اظہار کیا ہے۔ ایک بیان میں محکمہ کے حکام نے کہا کہ یہ نرسری نہ صرف جنگل پیرعلیزئی بلکہ پورے ضلع کے لیے شجرکاری مہم کا ایک اہم مرکز ہے جہاں سے ہزاروں پودے تیار اور تقسیم کیے جاتے ہیں۔ بیان کے مطابق پہلی بار 2023 میں نرسری کے ٹیوب ویل سے 36 سولر پلیٹس چوری ہوئیں، دوسری مرتبہ 2025 میں دو عدد ٹنکی چرائے گئے جبکہ تازہ واقعہ جنوری 2026 میں پیش آیا جس میں نرسری کا مین گیٹ، کمروں کے دروازے اور کھڑکیاں چوری کر لی گئیں۔ ان مسلسل وارداتوں کے باعث نرسری کے پودوں اور شجرکاری مہم کو شدید نقصان پہنچ رہا ہے۔ محکمہ جنگلات نے انتظامیہ اور لیویز (پولیس) سے مطالبہ کیا ہے کہ فوری طور پر نوٹس لیتے ہوئے ملوث عناصر کے خلاف سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے اور نرسری کی سیکیورٹی کو یقینی بنایا جائے۔ بیان میں کہا گیا کہ محکمہ اپنی ذمہ داری پوری کر رہا ہے تاہم متعلقہ اداروں کے تعاون کے بغیر اس مسئلے کا مستقل حل ممکن نہیں۔ محکمہ جنگلات نے عوام سے بھی اپیل کی ہے کہ اگر کسی کو ان واقعات سے متعلق معلومات حاصل ہوں تو فوری طور پر انتظامیہ یا محکمہ جنگلات کو آگاہ کریں تاکہ اس قیمتی قومی اثاثے کو مزید نقصان سے بچایا جا سکے۔

مل، ایف سی اہلکار فضل الرحمن کی جسد خاکی کو ایف سی کا چاک و چوبند دستہ سلامی پیش کر رہا ہے

میونسپل کارپوریشن خضدار کے میئر محمد آصف جمالدینی کا بازار کا دورہ

ریڑھی بانوں، سبزی فروش کے لیے فوری طور پر نئے اسٹالز بنانے کا اعلان

خضدار (بیورو رپورٹ) میونسپل کارپوریشن خضدار کے میئر میر محمد آصف جمالدینی، ڈپٹی میئر خضدار جمیل قادر زہری کا خضدار بازار کا اچانک دورہ۔ تاجر برادری ریڑھی بانوں اور عام شہریوں سے ملاقات اور ان کی بنیادی سہولیات کی فراہمی تجارت کے فروغ اور ان کی درپیش مسائل کو دریافت کی تفصیلات کے مطابق پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما، میئر خضدار میر محمد آصف جمالدینی، ڈپٹی میئر خضدار جمیل قادر زہری کا آج خضدار بازار کا اچانک دورہ کیا جہاں تاجر برادری اور پرانا سبزی منڈی کے ریڑھی بانوں سے خصوصی ملاقات کی اور غریب طبقے کے ریڑھی بانوں و عام سبزی فروش کے لیے فوری طور پر نئے اسٹالز بنانے کا باقاعدہ اعلان کر دیا اس موقع پر مزید میئر خضدار میر محمد آصف جمالدینی نے کہا کہ خضدار کی خوبصورتی کی خاطر ہم سب کو مل کر کام کرتے ہوگا خاص کر تاجر برادری سبزی فروش کا کردار اہم ہے بازار کو صاف ستھرا رکھنے کی خاطر میونسپل کارپوریشن کے عملہ تمام تر دستیاب وسائل بروئے کار لاتے ہوئے شب و روز کام کر رہا ہے اس سلسلے میں تاجروں اور دکانداروں کے تعاون لازمی ہے تاکہ بازار ہر وقت صاف ستھرا رہے اور شہر کی خوبصورتی ہمیشہ برقرار رہے۔

ڈپٹی کمشنر گوادر کا اعلامیہ

گوادر (آن لائن) ڈپٹی کمشنر گوادر نے تعلیمی سیشن 2026-2025 کے لیے فرسٹ ایئر ایم بی بی ایس اور بی ڈی ایس میں داخلے کے خواہشمند تمام امیدواروں کو مطلع کیا ہے کہ انٹرویوز کا انعقاد کیا جا رہا ہے۔ جاری کردہ اعلامیے کے مطابق امیدواروں کے انٹرویوز اور لوکل و ڈومیسائل سرٹیفکیٹس کی جانچ پڑتال کے لیے 26 جنوری 2026 (بروز پیر) صبح 10:30 بجے دفتر ڈپٹی کمشنر گوادر میں ہوں گے۔ اعلامیے میں واضح کیا گیا ہے کہ تمام متعلقہ امیدوار مقررہ تاریخ اور وقت پر اپنی حاضری یقینی بنائیں، مقررہ وقت گزرنے کے بعد کسی امیدوار کو انٹرویو کے لیے شامل نہیں کیا جائے گا

شہری ایکشن کمیٹی کے اعزاز میں شوکت ہنگورئی کی جانب سے چائے پارٹی کا اہتمام

نصیرآباد (نامہ نگار) ڈیرہ مراد جمالی میں شہری ایکشن کمیٹی کے اعزاز میں نصیرآباد کے سیاسی و قبائلی رہنما میر شوکت خان ہنگورئی کی جانب سے چائے پارٹی کا اہتمام کیا گیا۔ اس موقع پر چیئرمین شہری ایکشن کمیٹی میر امداد حسین مری، جنرل سیکریٹری محمد شریف ابڑو، وائس چیئرمین مولانا رستم خان نورانی، جبکہ کمیٹی کے اراکین مولانا نواب دین ڈوکی، مختیار علی قادری، خان جان ہنگورئی، خلیل احمد ہنگورئی اور دیگر ساتھی بھی موجود تھے۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے میر شوکت خان ہنگورئی نے شہری ایکشن کمیٹی کی بھرپور حمایت کا اعلان کرتے ہوئے کہا کہ شہری مسائل کے حل اور عوامی حقوق کے تحفظ کے لیے باہمی مشاورت اور مشترکہ جدوجہد کو مزید موثر بنایا جائے گا۔

اب ضلع زیارت کا کل رقبہ اے ایریا ہوگیا ہے، ڈپٹی کمشنر زیارت

زیارت (خ ن) حکومت بلوچستان کے احکامات کی روشنی میں، ڈپٹی کمشنر زیارت عبدالقدوس اچکزئی نے لیویز فورس زیارت کا کمانڈ سپرنٹنڈنٹ آف پولیس زیارت آیاز خان موسیٰ خیل کے حوالے کر دیا۔ اب ضلع زیارت کا کل رقبہ اے ایریا ہوگیا ہے، جس کی نگرانی سپرنٹنڈنٹ آف پولیس کریں گے۔ ڈپٹی کمشنر عبدالقدوس اچکزئی نے کہا کہ پولیس فورس کو مزید منظم کریں گے انہوں نے کہا کہ اس اقدام کے تحت پورے ضلع زیارت کو اقدام قانون نافذ کرنے والے اداروں کو مزید مستحکم کرنے اور عوامی تحفظ کو یقینی بنانے کی جانب ایک اہم پیش رفت ہے۔ اس موقع پر سپرنٹنڈنٹ آف پولیس ضلع زیارت نے امن و امان کی صورتحال کو برقرار رکھنے، علاقے میں استحکام پیدا کرنے اور عوام کے ساتھ مل کر کام کرنے کے عزم کا اظہار کیا۔

عوامی اشتہارات
MASHRIQ CLASSIFIED

تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبے سے شائع کیے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں "ادارہ" کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا۔
☆... اوور رائٹنگ اور مشکوک الفاظ والے مسودے کے غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔
☆... 2 فون نمبروں میں سے ایک غلط یا فون نمبر اور ایڈریس میں سے ایک اتفاقی غلط شائع ہونے کی صورت میں "ادارہ" ذمہ دار نہ ہوگا مقررہ تاریخ سے پہلے شائع ہو جانے کو دوبارہ شائع نہیں ہوگا۔
☆... غلط اشتہار شائع ہونے کی صورت میں (3) دن میں ہمیں اپنی تحریری شکایت درج کرائیں ورنہ "ادارہ" ذمہ دار نہ ہوگا۔
☆... اگر کسی وجہ سے کوئی اشتہار شائع ہونے سے رہ گیا ہو تو "ادارہ" اسکو دوسرے دن شائع کرنے کا مجاز ہوگا۔

اطلاع عام

پلاٹ نمبر C-379، رقبہ 200 گز واقع زرغون ہاؤسنگ اسکیم کوئٹہ اس وقت محمد شریف کاکڑ ولد محمد عیسیٰ کے نام ہے ٹرانسفر عبدالحلیم ولد عبدالغفور کے نام کرنا مقصود ہے اعتراض کی صورت میں 7 یوم کے اندر کیو ڈی اے سے رابطہ کریں۔

62674

اطلاع عام

پلاٹ نمبر GS-688، رقبہ 345 فٹ واقع گیراج کمپلیکس ہزار گنجی اس وقت محمد قاسم ولد حاجی نور محمد کے نام پر ہے ٹرانسفر عزیز اللہ ولد داد محمد ترین کے نام کرنا مقصود ہے اعتراض کی صورت میں 7 یوم کے اندر کیو ڈی اے سے رابطہ کریں۔

62676

اطلاع عام

پلاٹ نمبر GS-686، رقبہ 345 فٹ واقع گیراج کمپلیکس ہزار گنجی اس وقت محمد اسحاق ولد حاجی نور محمد کے نام پر ہے ٹرانسفر لال محمد ولد نیک محمد کے نام کرنا مقصود ہے اعتراض کی صورت میں 7 یوم کے اندر کیو ڈی اے سے رابطہ کریں۔

62675

اطلاع عام

پلاٹ نمبر B-389، رقبہ 338 فٹ واقع ٹرک اڈہ ہزار گنجی اس وقت محمد اعظم ولد عبدالعلی کے نام پر ہے ٹرانسفر ولید خان ولد عبدالسلام کے نام کرنا مقصود ہے اعتراض کی صورت میں 7 یوم کے اندر کیو ڈی اے سے رابطہ کریں۔

62677

مکان / دکان برائے فروخت

ایک عدد آر سی سی مکان، ایک ٹی آر گارڈر مکان، ایک عدد دکان جس کے اوپر کمرہ کرایہ پر چڑھا ہوا ہے برائے فروخت ہے۔ لوکیشن کلی برات نزد جناح ٹاؤن۔ رابطہ نمبر 0321-8004785

62678

گمشدگی شناختی کارڈ

میرا پرانا شناختی کارڈ نمبر 6028501680 3 بنام غلام علی ولد شاہ ولی کہیں گم ہو گیا ہے ملنے پر 03108033646 پر رابطہ کریں

62672

گمشدگی شناختی کارڈ

میرا شناختی کارڈ نمبر 5440092437861 بنام عبدالوحید ولد عبدالمجید علمدار روڈ پر گم گیا ہے ملنے پر 03156144478 پر رابطہ کرے

اسٹاف محسن

بعدالت تحصیلدار صدر / اسسٹنٹ درجہ اول کلکٹر کوئٹہ

اشتہار بنام عوام الناس

ہرگاہ کہ شاہ فیصل ولد درمحمد قوم کاکڑ سکنہ نواں کلی کوئٹہ درخواست پیش کی گئی اظہار کیا کہ میرے والد درمحمد ولد راز محمد قوم کاکڑ سکنہ نواں کلی کوئٹہ وفات پا چکے ہیں جن کی وراثت انتقال کے لئے شرعی فتویٰ پیش کیا گیا ہے شرعی فتویٰ کے مطابق جائز وارثان 1۔ بی بی صابرہ بیوہ 2۔ شاہ فیصل پسر 3۔ آسیہ صادق 4۔ نبیلہ 5۔ بی بی روبینہ 6۔ ملائیکہ 7۔ بی بی عائشہ دختران درمحمد قوم کاکڑ ساکنان نواں کلی کوئٹہ جائیداد بحوالہ انتقال 1786 محال ولایت ترین شہر موضع کوتوال تحصیل صدر کوئٹہ لہٰذا اس بارے میں اگر کوئی شخص یا کسی ادارہ کو کسی قسم عذر اعتراض ہو تو اندر 7 یوم زیر دستخطی کے پیش کرے بعد ازاں میعاد کوئی عذر قابل قبول نہیں ہوگا۔ اشتہار ہذا آج مورخہ 20/1/2026 کو میرے دستخط و مہر عدالت سے جاری ہوا۔

62679

بعدالت فیملی جج (4) کوئٹہ

کیس نمبر 161/25 — دعویٰ خلع

ساجدہ دختر فرید خان پتہ ڈبل روڈ کوئٹہ بنام ہاشم ولد عزیز پتہ نیچر کالونی نواں کلی کوئٹہ

اشتہار بنام مدعا علیہ عبدالعلیم ہاشم ولد عزیز: ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا عدالت ہذا میں زیر سماعت ہے جس کی آئندہ تاریخ سماعت 12/2/2026 مقرر ہو چکی ہے درج بالا مقدمہ ہذا میں مدعا علیہ بذا کے سمن لینے سے دیدہ دانستہ طور پر گریز کر رہا ہے اور روپوش ہے بذریعہ اشتہار مدعا علیہ عبدالعلیم کو مطلع کیا جاتا ہے کہ مقررہ تاریخ سماعت پر اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت ہو کر مقدمہ کی پیروی کریں بصورت دیگر یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی اشتہار ہذا آج بمورخہ 30/12/2025 کو بدستخط میرے و مہر عدالت سے جاری ہوا۔

62673

بعدالت جناب ایڈیشنل سیشن جج II سریاب کوئٹہ

کیس نمبر 03/25 — آئندہ تاریخ 10/02/2026

محمد طاہر ولد محمد عثمان قوم شاہوانی بنام غلام حیدر وغیرہ

اشتہار بنام عوام الناس: ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مسئول علیہم پیر محمد ولد نورعلی قوم کاکڑ عیسیٰ خیل تعمیل نوٹس دیدہ دانستہ طور پر گریزاں اور روپوش ہیں لہٰذا اشتہار بنام مذکورہ مسئول علیہ شائع کیا جاتا ہے اگر مذکورہ مسئول علیہ آئندہ تاریخ سماعت محررہ 10/02/2026 بمقام کوئٹہ حاضر عدالت نہیں ہوگا تو اس کے خلاف یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ آج مورخہ 22/12/2026 کو بدستخط میرے و مہر عدالت سے جاری ہوا

62671

بعدالت محمد شاہ کاظمی نائب تحصیلدار چھتر

اشتہار بنام عوام الناس

ہرگاہ آپ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ مسمی پیار اخان ولد گولہ خان قوم بنگلزئی نے تصدیق شدہ ورثاء سرٹیفکیٹ چیئرمین یونین کونسل کو رار سے پیش کر کے زبانی بتلایا کہ میرا والد گولہ ولد ابراہیم عرصہ دراز سے بقضائے الٰہی فوت ہو چکا ہے جائز وارث اکلوتا بیٹا پیار اجان ولد گولہ خان ہے سب تحصیل چھتر میں انتقال وراثت کرانا چاہتے ہیں اگر کسی کو کوئی عذر اعتراض پیش کرنا ہو تو اندر سات یوم کے عذر اعتراض پیش کریں ورنہ انتقال وراثت درج کیا جائے گا آج یہ اشتہار مورخہ 19/1/2026 کو میرے مہر و دستخط سے جاری ہوا

ڈی ایم جمالی

NOTICE INVITING TENDER

The Executive Engineer- Building CWPP&H Department District Kachhi at Dhadar invites sealed tender based on composite schedule of rates,2023 G.O.B amended up to date from interested contractors/firms for the work listed below Earnest Money 2% and Time limit 12-Months for each work

S.No	Name of work	E/Cost
1.	**FORTIFICATION OF THANAS AND POSTS (SP)** POLICE STATION BHAG DISTRICT KACHHI. PSDP NO. 2453 (Z.2025.1461).**TSE.252601945383**	26,548,939
2.	**FORTIFICATION OF THANAS AND POSTS (SP)** POLICE STATION DHADAR, DISTRICT KACHHI. PSDP NO. 2453 (Z.2025.1461).**TSE.252601945673**	27,945,289
3	**FORTIFICATION OF THANAS AND POSTS (SP)** POLICE STATION SHAHEED SAJID ALI SOLANGI MACH, DISTRICT KACHHI. PSDP. 2453 (Z.2025.1461). **TSE.252601945583**	27,753,659
4	**FORTIFICATION OF THANAS AND POSTS (SP)** CTD MACH DISTRICT KACHHI. PSDP NO. 2453 / Z2025.1461.**TSE.252601945723**	19,362,035

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** Presence in Active Tax Payer List The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency of Pakistan Balochistan Revenue Authority Registration is required The bidder must have completed 3 Assignment of similar nature of work Turnover of at least 70% of Amount in 3 subsequent previous years showing financial capacity of the firm. Bidders must be attached Green Challan and CDR. **Procedure Of Procurement: Single Stage Two Envelope Bidding Procedure Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of **Deposit at Call** of 2% specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** Documents will be issued from the date of Publication till submission date and time on production of Green challan from amounting to Rs:500/= (each tender) deposited in the head of account C-02716 through Govt: Treasury District (District Accounts Office Kachhi **Last Date of bid submission:** The Tenders must be submitted latest by **06 February, 2026** till **10:00 AM** . **Tender opening:** All tenders will be opened on same day **06 February, 2026**,at the office of the undersigned at **11:00 AM Address:** XEN Buildings, Office Dhadar Kachhi **Phone no:** 3337340773 **Email:** xenbuildingkachi@gmail.com

Executive Engineer-Buildings
CWPP&H Department
District Kachhi

PRQ No.3338/20-01-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

NOTICE INVITING TENDER

The Executive Engineer (Buildings), CWPP&H Department District Sibi, invites sealed percentage rates tenders based on CSR-2023 Government of Balochistan from eligible bidders who can prove their eligibility and qualification as mentioned in the Bidding Documents for the work mentioned below.

Earnest Money 2% , Completion Time Period 3 Months for each work

S #	Name of Scheme	E/ Cost	Tender Fee	TSE No.
1	Repair /Renovation & Solarization of Midwifery College Hostel Sibi. (Balochistan Special Development Initiatives (BSDI PHASE-II) For the Year 2025-26)	5.940 Million	1000/=	**252601947613**
2	Repair/Renovation & Solarization of Nursing College Hostel Sibi. (Balochistan Special Development Initiatives (BSDI PHASE-II) For the Year 2025-26)	5.940 Million	1000/=	**252601947633**
3	Rehabilitation Office Building B/Wall & Provision of ACS For Medicine Store PPHI Office Sibi. (Balochistan Special Development Initiatives (BSDI PHASE-II) For the Year 2025-26)	1.980 Million	1000/=	**252601947653**
4	Solarization of Main Medicine Room DHQ Hospital Sibi. (Balochistan Special Development Initiatives (BSDI PHASE-II) For the Year 2025-26)	5.445 Million	1000/=	**252601947673**
5	Solarization of Various BHU's of District Sibi. (Balochistan Special Development Initiatives (BSDI PHASE-II) For the Year 2025-26)	5.346 Million	1000/=	**252601947703**
6	Uplift of BHUs PACKAGE-1 (Balochistan Special Development Initiatives BSDI (PHASE-II) For the Year 2025-26.	13.861 Million	1000/=	**252601948073**
7	Uplift of Various BHU's of District Sibi. PACKAGE-II (Balochistan Special Development Initiatives (BSDI PHASE-II) For the Year 2025-26)	9.899 Million	1000/=	**252601947753**

Bidding process of aforementioned work will be carried out in accordance with the relevant rules of Balochistan Public Procurement Authorities 2014 & Pakistan Engineering Council By-Laws. **PRELIMINARY / BASIC ELIGIBILTIY CRITERIA**: The contractors must have valid Registration of firm with PEC in category **C-6** or above for the work with specialization codes CE10 in relevant discipline with till date renewal and as well registration with Tax Authorities i.e. (NTN, Sales Tax Department and BRA with till date renewal), where applicable. The prospect bidder(s) must meet the eligibility / qualifying criteria as mentioned in the bidding documents. **METHOD OF PROCUREMENT:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure. **BIDDING/TENDER DOCUMENTS ISSUANCE**: The bidder(s) can obtain the bidding documents through BPPRA Website (www.bppra.gob.pk) under TSE No. given above, on production of green challan form for an amount of Rs.1000/- (NON-REFUNDABLE) deposited in the head of account **C-02716** thorough Government Treasury / National Bank of Pakistan from the date of publication of this invitation in newspapers till the last date of submission i.e. 09/02/2026. **DEAD LINE OF SUBMISSION**: Bid can be submitted latest by 09th February, 2026 till 11:00 AM. **OPENING OF BID(S)**: Tender will be opened on same day at 12:00 PM. **BID VALIDITY**: Ninety (90) days. **OFFICE ADDRESS / INFO**: Office of the Executive Engineer Buildings CWPP&H Department Near Officer Club Jail Road Balochistan at Sibi, Mobile No.0300-9386600, Email address: Noumanraisani001@gmail.com **TERMS & CONDITIONS**: Terms & Conditions are mentioned (incorporated) in detail in Bidding Documents. The bidders providing unsubstantiated and / or incorrect information will be liable to disqualification and / or legal action.

Executive Engineer (Buildings)
CWPP&H Department
District Sibi

PRQ No.3356/20-01-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

NOTICE INVITING TENDER

The office of Executive Engineer (Roads) CW, PP&H Department District Sohbat pur invites sealed bids from eligible bidders based on CSR-2023 on National Competitive Bidding (NCB) who can prove their eligibility and qualification as mentioned in the Bidding Documents for the works mentioned below. Tender Fee 1500/- (in shape of green challan form deposited in head of account C-02716) Tentative Time Limit 12-Months (Working).

S.No.	Name of Work	E/Cost	E/Money
1	CONSTRUCTION OF RETAINING WALL FROM ZERO POINT (POLICE STATION) TO DHQ DISTRICT SOHBAT PUR (BSDI Programme Sohbat Pur) **TSE-252601948563**	**38.483-M**	**770,000**

ONLY ELECTRIC BID WILL BE SUBMITTED, NO PHYSICAL BID IS REQUIRED

Bidding process of aforementioned works shall be carried out in accordance with the rules of Balochistan Public Procurement Authorities 2014 & Pakistan Engineering Council By-Laws. **BASIC ELIGIBILITY**: The contractors must have valid Registration of firm with PEC in category **C4 and above** with specialization codes **CE01 and CE10** in relevant discipline. and registration along with till date renewal with Tax Authorities i.e. (NTN, Sales Tax Department and BRA), where applicable. **The prospect bidder(s) must meet the eligibility / qualifying criteria as mentioned in the bidding document METHOD OF PROCUREMENT**: Single Stage Two Envelope Bidding Procedure. **BIDDING/TENDER DOCUMENTS ISSUANCE**: The NIT & Bidding Document can be obtained electronically from www.bppra.gob.pk. complete Bidding Document can be viewed at www.bppra.gob.pk. **BID SECURITY & FEE.** The contractors/Firms who obtain bidding document by downloading them from BPPRA website will also be required to produce deposited green challan form of above mentioned fee under head C-02716 in the Bank of NBP sohbat pur. The bids must have accompanied Bid Security with "Technical Bid" for the work in the form of Call at Deposit above in the name of the undersigned from a Scheduled Bank. **DEAD LINE OF SUBMISSION**: Bid can only be submitted electronically latest by **09 Fab, 2026** till **11:00 AM** through supplier dashboard. **OPENING OF BID(S)**: Envelope containing "Technical Bid" will be opened on the same day i.e. **09 Fab 2026** at **12:00 AM** on EPPS System. Second Envelope containing **"Financial Bid"** of technically qualified bidder(s) will be opened later, the date of which will be communicated after evaluation of the Technical Bids. Financial Proposals of Technically non-qualified bidders will be automatically dropped/withdrawn from EPPS in Financial opening of Bid procedure. **BID VALIDITY**: **Ninety (90) days PLACE OF ISSUANCE AND SUBMISSION**: Executive Engineer (Roads) CW,PP&H Department District Sohbat pur Telephone No. **0838603044**, Fax no, 0838603044 Email address: **xenrspur@gmail.com TERMS & CONDITIONS**: Terms & Conditions are mentioned (incorporated) in detail in Bidding Documents. The bidders providing unsubstantiated and / or incorrect information will be liable to disqualification and / or legal action.

EXECUTIVE ENGINEER(ROADS)
CW, PP&H DEPARTMENT DISTRICT
SOHBAT PUR

PRQ No.3355/20-01-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

اطلاع عام

درخواست بابت جانشینی سرٹیفکیٹ / بذریعہ درخواست دہندہ بی بی سعدیہ دریشانی بابت منقولہ / غیر منقولہ جائیداد متوفی بی بی لونگہ شناختی کارڈ نمبر 5620209073078 موصول ہوئی ہے۔ مذکورہ ذیل متوفی کے ورثان ظاہر کیے گئے ہیں 1۔ جمال بی بی (بیٹی) 2۔ نور بخت بی بی (بیٹی) 3۔ حسین احمد (بیٹا) 4۔ بی بی فرزانہ (بیٹی) 5۔ بی بی طوطا (بیٹی) 6۔ بشیر احمد خان (بیٹا) 7۔ بی بی سعدیہ (بیٹی) برگاہ درخواست ہذا میں عوام الناس کو بذریعہ اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ اگر کسی کو کوئی عذر نسبت درخواست گزار ہو تو وہ بذات خود اس نوٹس کی اشاعت کے چودہ (14) یوم کے اندر زیر دستخطی حاضر ہو کر عذر داخل کریں۔

INCHARGE SFU, NADRA KILLA SAIFULLAH-SFU

اطلاع عام

درخواست بابت جانشینی سرٹیفکیٹ / بذریعہ درخواست دہندہ فرزانہ شیخ دریشانی بنسبت منقولہ / غیر منقولہ جائیداد متوفی محمد نعیم شناختی کارڈ نمبر 3430116800205 موصول ہوئی ہے۔ مذکورہ ذیل متوفی کے ورثان ظاہر کیے گئے ہیں 1۔ فرزانہ شیخ (زوج) برگاہ درخواست ہذا میں عوام الناس کو بذریعہ اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ اگر کسی کو کوئی عذر نسبت درخواست گزار ہو تو وہ بذات خود اس نوٹس کی اشاعت کے چودہ (14) یوم کے اندر زیر دستخطی حاضر ہو کر عذر داخل کریں۔

INCHARGE SFU, NADRA KHUZDAR-SFU

اطلاع عام

درخواست بابت جانشینی سرٹیفکیٹ / بذریعہ درخواست دہندہ نبیلہ خان دریشانی بنسبت منقولہ / غیر منقولہ جائیداد متوفی جعفر خان شناختی کارڈ نمبر 3830262832067 موصول ہوئی ہے۔ مذکورہ ذیل متوفی کے ورثان ظاہر کیے گئے ہیں 1۔ نبیلہ خان (زوج) 2۔ قرۃ العین (بیٹی) 3۔ شاہنواز خان (بیٹا) 4۔ محمد اسحاق (بیٹا) برگاہ درخواست ہذا میں عوام الناس کو بذریعہ اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ اگر کسی کو کوئی عذر نسبت درخواست گزار ہو تو وہ بذات خود اس نوٹس کی اشاعت کے چودہ (14) یوم کے اندر زیر دستخطی حاضر ہو کر عذر داخل کریں۔

INCHARGE SFU, NADRA MIANWALI-SFU

اطلاع عام

درخواست بابت جانشینی سرٹیفکیٹ / بذریعہ درخواست دہندہ یاسمین دریشانی بنسبت منقولہ / غیر منقولہ جائیداد متوفی جمال خان شناختی کارڈ نمبر 5530105999067 موصول ہوئی ہے۔ مذکورہ ذیل متوفی کے ورثان ظاہر کیے گئے ہیں 1۔ اجمل جمال (بیٹا) 2۔ فیصل جمال (بیٹا) 3۔ فوزیہ جمال (بیٹی) 4۔ یاسمین (زوج) برگاہ درخواست ہذا میں عوام الناس کو بذریعہ اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ اگر کسی کو کوئی عذر نسبت درخواست گزار ہو تو وہ بذات خود اس نوٹس کی اشاعت کے چودہ (14) یوم کے اندر زیر دستخطی حاضر ہو کر عذر داخل کریں۔

INCHARGE SFU, NADRA MEGA QUETTA-SFU

اطلاع عام

درخواست بابت جانشینی سرٹیفکیٹ / بذریعہ درخواست دہندہ بی بی فاطمہ دریشانی بنسبت منقولہ / غیر منقولہ جائیداد متوفی سعداللہ شناختی کارڈ نمبر 5440088996701 موصول ہوئی ہے۔ مذکورہ ذیل متوفی کے ورثان ظاہر کیے گئے ہیں 1۔ بی بی شاہ (بیٹی) 2۔ محمد ایاز (بیٹا) 3۔ بی بی فاطمہ (زوج) 4۔ بی بی پروین (بیٹی) 5۔ ماریہ (بیٹی) 6۔ بی بی مریم (بیٹی) 7۔ عظمت اللہ (بیٹا) 8۔ بی بی طالعمن (بیٹی) برگاہ درخواست ہذا میں عوام الناس کو بذریعہ اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ اگر کسی کو کوئی عذر نسبت درخواست گزار ہو تو وہ بذات خود اس نوٹس کی اشاعت کے چودہ (14) یوم کے اندر زیر دستخطی حاضر ہو کر عذر داخل کریں۔

INCHARGE SFU, NADRA MEGA QUETTA-SFU

اطلاع عام

درخواست بابت جانشینی سرٹیفکیٹ / بذریعہ درخواست دہندہ حمیدہ دریشانی بنسبت منقولہ / غیر منقولہ جائیداد متوفی عبدالجبار شناختی کارڈ نمبر 5150359222221 موصول ہوئی ہے۔ مذکورہ ذیل متوفی کے ورثان ظاہر کیے گئے ہیں 1۔ حمیدہ (والدہ) برگاہ درخواست ہذا میں عوام الناس کو بذریعہ اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ اگر کسی کو کوئی عذر نسبت درخواست گزار ہو تو وہ بذات خود اس نوٹس کی اشاعت کے چودہ (14) یوم کے اندر زیر دستخطی حاضر ہو کر عذر داخل کریں۔

INCHARGE SFU, NADRA LASBELA-SFU

اطلاع عام

درخواست بابت جانشینی سرٹیفکیٹ / بذریعہ درخواست دہندہ نمابانی دریشانی بنسبت منقولہ / غیر منقولہ جائیداد متوفی جمن شناختی کارڈ نمبر 5150118981601 موصول ہوئی ہے۔ مذکورہ ذیل متوفی کے ورثان ظاہر کیے گئے ہیں 1۔ سعیدہ اسلم (بیٹی) 2۔ نمابانی (زوج) 3۔ اسلم بخش (بیٹا) 4۔ رسول بخش (بیٹا) 5۔ سکھیان (بیٹی) 6۔ شاہدان (بیٹی) 7۔ محمد حنیف (بیٹا) 8۔ جانکاں (بیٹی) 9۔ محمد شریف (بیٹا) برگاہ درخواست ہذا میں عوام الناس کو بذریعہ اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ اگر کسی کو کوئی عذر نسبت درخواست گزار ہو تو وہ بذات خود اس نوٹس کی اشاعت کے چودہ (14) یوم کے اندر زیر دستخطی حاضر ہو کر عذر داخل کریں۔

INCHARGE SFU, NADRA BELA-SFU

اطلاع عام

درخواست بابت جانشینی سرٹیفکیٹ / بذریعہ درخواست دہندہ صاحب زادی دریشانی بنسبت منقولہ / غیر منقولہ جائیداد متوفی صفدر علی شناختی کارڈ نمبر 5340268703629 موصول ہوئی ہے۔ مذکورہ ذیل متوفی کے ورثان ظاہر کیے گئے ہیں 1۔ گلشیر علی (بیٹا) 2۔ جمشید علی (بیٹا) 3۔ دلشیر (بیٹا) 4۔ سعید علی (بیٹا) 5۔ صاحب زادی (زوج) 6۔ جملاں رانی (بیٹی) 7۔ پتھانی (بیٹی) برگاہ درخواست ہذا میں عوام الناس کو بذریعہ اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ اگر کسی کو کوئی عذر نسبت درخواست گزار ہو تو وہ بذات خود اس نوٹس کی اشاعت کے چودہ (14) یوم کے اندر زیر دستخطی حاضر ہو کر عذر داخل کریں۔

INCHARGE SFU, NADRA NASEERABAD-SFU

اطلاع عام

درخواست بابت جانشینی سرٹیفکیٹ / بذریعہ درخواست دہندہ علاؤ الدین دریشانی بنسبت منقولہ / غیر منقولہ جائیداد متوفی ذاکرہ شناختی کارڈ نمبر 5650379048806 موصول ہوئی ہے۔ مذکورہ ذیل متوفی کے ورثان ظاہر کیے گئے ہیں 1۔ علاؤ الدین (بھائی) 2۔ محمد احسان (بھائی) 3۔ نور الدین (بھائی) 4۔ محمد زعفران (بھائی) 5۔ نور عالم (بھائی) 6۔ شاہو مفیر (بہن) برگاہ درخواست ہذا میں عوام الناس کو بذریعہ اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ اگر کسی کو کوئی عذر نسبت درخواست گزار ہو تو وہ بذات خود اس نوٹس کی اشاعت کے چودہ (14) یوم کے اندر زیر دستخطی حاضر ہو کر عذر داخل کریں۔

INCHARGE SFU, NADRA ZHOB-SFU

URAAN PAKISTAN

PID (I) 5986/25

غفلت پر کاروائی ہوگی امن وامان پر فوکس کرینگے ڈپٹی کمشنر زیارت

جنگلات کی کٹائی والوں کے خلاف قانون کے مطابق کاروائی ہو گی ، کسانوں کو خوشحال دیکھنا چاہتے ہیں

زیارت کی خوبصورتی صنوبر کے جنگلات سے ہے ، جنگلات کی کٹائی برداشت نہیں کی جائے گی،عبدالقدوس

زیارت (خ ن) ڈپٹی کمشنر زیارت محمد عبدالقدوس اچکزئی کی زیر صدارت تمام محکموں کے افسران کا تعارفی جلاس منعقد ہوا۔اس موقع پر تمام محکموں کے افسران نے ڈپٹی کمشنر کو محکمانہ امور کے بارے میں بریفنگ دی اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر زیارت سجاد الرحمن، اسسٹنٹ کمشنر سنجاوی شیر شاہ غلزئی بھی موجود تھے ڈپٹی کمشنر زیارت عبدالقدوس اچکزئی نے افسران کو سخت ہدایت جاری کرتے ہوئے کہا کہ افسران اپنے جائے تعیناتی پر موجودگی کو یقینی بنائیں اپنے اسپورٹنگ اسٹاف کو حاضر کریں ،تمام افسران ایک ٹیم ورک کے طور پر کام کریں اور سرکاری ذمہ داریوں کو ایمانداری سے ادا کریں اور عوام کے مسائل حل کریں ،سرکاری کام میں غفلت پر کاروائی ہوگی۔انہوں نے کہا تعلیم ،صحت ،امن وامان پر مکمل فوکس کریں گے ،زیارت کی خوبصورتی صنوبر کے جنگلات کی وجہ سے ہے صنوبر کے جنگلات کی کٹائی ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی۔ جنگلات کی کٹائی کرنے والوں کے خلاف قانون کے مطابق کاروائی کی جائے گی انہوں نے کہا کہ زیارت کے عوام کا گزر بسر زراعت سے ہے، کسانوں کو خوشحال دیکھنا چاہتے ہیں زراعت کے افسران کسانوں کو مکمل ریلیف دیں ،محکمہ لائیوسٹاک زیارت مالداروں کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کریں۔ انہوں نے کہا کہ افسران خادم بن کر کام کریں اور آپس میں رابطہ رکھ کر عوام کے مسائل حل کریں انہوں نے کہا کہ عوام کو کسی بھی شکایت کا موقع نہ دیں بلکہ عوام کی دادرسی کریں گے انہوں نے کہا تعلیم اور صحت پر کوئی سمجھوتہ نہیں کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ زیارت کی رونقیں انشاء اللہ دوبارہ بحال کریں گے اور زیارت کو امن کا گہوارہ بنائیں گے، زیارت ایک جنت النظیر وادی سیاحتی مقام ہے اس کی خوبصورتی میں مزید اضافہ کریں گے۔ انہوں نے افسران کو ہدایت کی کہ وہ آنے والے ممکنہ برف باری کے دوران اپنے جائے تعیناتی پر موجود رہے اور اپنے اسٹاف کو حاضر اور مشینری کو سٹینڈ بائی رکھیں۔

انجینئر زمرک خان اچکزئی کانفرنس کے اشیخ النہیان سے گفتگو کررہے ہیں

تعلیم کسی بھی قوم کی ترقی کی بنیاد ہے،ڈپٹی کمشنر جعفرآباد

حکومت تعلیمی نظام کو بہتر بنانے کے لیے سنجیدہ اقدامات کر رہی ہے

جعفرآباد (خ ن) ڈپٹی کمشنر جعفرآباد خالد خان کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ ایجوکیشن گروپ کا اہم اجلاس منعقد ہوا۔اجلاس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جعفرآباد حضور بخش گھنی، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر میڈم عائشہ گھنی، ڈسٹرکٹ اکاؤنٹس آفیسر رسول بخش بلوچ، پرنسپل بوائز کالج حافظ حبیب گھنی، ڈسٹرکٹ آفیسر ایجوکیشن محمد صلاح پہنور سمیت محکمہ تعلیم اور دیگر متعلقہ محکموں کے افسران ونمائندگان نے شرکت کی۔اجلاس کے دوران ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر اور دیگر افسران کی جانب سے محکمہ تعلیم کی ماہانہ کارکردگی رپورٹ پیش کی گئی جبکہ گزشتہ اجلاس میں دی گئی ہدایات پر ہونے والی پیش رفت کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں RTS کی حالیہ کارکردگی ،اساتذہ کی حاضری کے ریکارڈز اور غیر حاضر اساتذہ کے کیسز کا باریک بینی سے جائزہ لیا گیا اور متعلقہ افسران کو سختی سے ہدایات جاری کی گئیں کہ اساتذہ کی حاضری کو ہر صورت یقینی بنایا جائے اور غیر حاضری کے ذمہ داروں کے خلاف قواعد کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے۔اجلاس میں ضلع جعفرآباد کے مختلف سرکاری تعلیمی اداروں میں جاری ترقیاتی منصوبوں کی رفتار سے متعلق پراگریس رپورٹ بھی پیش کی گئی جس پر ڈپٹی کمشنر نے کام کی رفتار اور معیار کو مزید بہتر بنانے کی ہدایت کی۔ اسی طرح غیر سرکاری فلاحی تنظیم یونیسف (UNICEF) کو ضلع جعفرآباد میں دیے گئے تعلیمی وفلاحی ٹاسک کا بھی تفصیلی جائزہ لیا گیا اور باہمی تعاون کو مزید مؤثر بنانے پر زور دیا گیا ڈسٹرکٹ ایجوکیشن گروپ اجلاس میں محکمہ تعلیم کے اساتذہ کے ٹائم اسکیل کیسز پر بھی غور کیا گیا جبکہ ضلع کے مختلف کالجز سے متعلق کیسز اور مسائل کا جائزہ لیتے ہوئے متعلقہ حکام کو بروقت اقدامات کی ہدایت کی گئی۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر جعفرآباد خالد خان نے کہا کہ تعلیم کسی بھی قوم کی ترقی کی بنیاد ہے اور حکومت تعلیمی نظام کو بہتر بنانے کے لیے سنجیدہ اقدامات کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ سرکاری اسکولوں اور کالجز میں اساتذہ کی حاضری،طلبہ کو معیاری تعلیم کی فراہمی اور ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے۔ڈپٹی کمشنر نے واضح کیا کہ غفلت یا لاپرواہی کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی اور تمام افسران اپنی ذمہ داریاں دیانت داری اور محنت سے ادا کریں۔

ڈی سی نوشکی محمد حسین ہزارہ، ایکسین کیسکو سے اظہار تشکر

مل (نامہ نگار) یونین کونسل سرل کے چیئرمین حاجی منظور احمد گورگیج نے اپنے ایک بیان میں ڈی سی نوشکی محمد حسین ہزارہ، اے ڈی سی نوشکی عمر جمالی اور ایکسین کیسکو نوشکی عبدالقیوم منگوئی کا خصوصی شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا ہے کہ ان آفیسران کی دلچسپی کی وجہ سے محمد خان فیڈر کی ٹوفیز ختم ہوئی گذشتہ دس مہینوں سے ٹوفیز بجلی کی وجہ سے عوام کو سخت مشکلات کا سامنا تھا انہوں نے کہا کہ مذکورہ آفیسران نے ہماری درخواست پر اور عوام کی مشکلات کو مدنظر رکھتے ہوئے بہترین فیصلہ کر کے ٹوفیز کا خاتمہ کردیا اس سلسلے میں ان آفیسران کے تعاون کے مشکور ہیں محمد خان فیڈر کے تمام گھریلو صارفین سے گزارش کرتے ہیں کہ وہ اپنے ہر مہینے کے بجلی بلوں کی ادائیگی کو ہر صورت ممکن بنائیں کیونکہ بلوں کی ادائیگی ہی سے بجلی کی فراہمی ممکن ہوگی یوسی چیئرمین کا مزید کہنا تھا کہ ایکسین کیسکو نے یہ بھی عہد کیا ہے کہ اگر محمد خان فیڈر کے گھریلو صارفین مستقل بنیادوں پر بلوں کی ماہوار ادائیگی کریں گے تو تمام خراب ٹرانسفارمروں کی مرمت کیسکو ہنگامی بنیادوں پر کرے گی گھریلو صارفین اگر بلوں کی ادائیگی کریں گے

ڈی سی استا محمد کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ ڈویلپمنٹ کمیٹی کا اجلاس

فیز ٹو کے تحت جاری ترقیاتی منصوبوں نئی عمارتوں کی تعمیر دیگر امور پر تبادلہ خیال

نصیرآباد (خ ن) ڈپٹی کمشنر استامحمد محمد رمضان پلال کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ ڈویلپمنٹ کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر محمد اسماعیل لاشاری، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر شاہ بخش پندرانی، اسسٹنٹ ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ محمد یاسین جمالی، پرنسپل بوائز ڈگری کالج استا محمد عبیداللہ خان زہری اور دیگر متعلقہ افسران نے شرکت کی۔اجلاس میں بلوچستان اسپیشل ڈویلپمنٹ انیشیٹو (BSDI) کے فیز ون اور فیز ٹو کے تحت جاری ترقیاتی منصوبوں، مکمل شدہ منصوبوں اور نئے شروع ہونے والے ترقیاتی جن میں سکولز میں سولر سسٹم کی تنصیب، نئی عمارتوں کی تعمیر، گلیوں و روڈز کی ٹرف ٹائل سے تعمیر و دیگر امور پر تفصیل سے تبادلہ خیال کیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر نے اجلاس میں زور دیا کہ حکومت بلوچستان کی جانب سے عوام کی فلاح و بہبود کے لیے شروع کیے گئے تمام منصوبے معیار کے مطابق اور مقررہ مدت کے اندر مکمل کیے جائیں

فلڈ ڈائیورژن پشتے کی تعمیر سے سیلابی پانی سے نقصانات کم ہونگے ،محمد یار

مقامی آبادی کی معاشی صورتحال بہتر زرعی پیداوار میں اضافہ بھی متوقع ہے

محکمہ اریگیشن عوامی مسائل کے حل ، بنیادی ڈھانچے کی ترقی کیلئے کام کر رہا ہے

گنداواہ جھل مگسی (نامہ نگار) ایکسین محمد یار مگسی کی نگرانی میں بلوچستان کے خصوصی ترقیاتی اقدامات کے تحت فلڈ ڈائیورژن پشتہ کی تعمیر کے لیے ٹینڈر کھولے گئے جھل مگسی (BSDI) بلوچستان کے خصوصی ترقیاتی کے اقدامات بلوچستان اسپیشل ڈویلپمنٹ انیشیٹو کے تحت محکمہ اریگیشن جھل مگسی کی جانب سے موضع بڑہ تحصیل گنداواہ میں فلڈ ڈائیورژن پشتے کی تعمیر کے لیے ٹینڈر کھولے گئے۔ اسکیم اریگیشن جھل مگسی کے ایکسین محمد یار مگسی کی زیر نگرانی تعمیر کیا جائے گا۔ٹینڈر کھولنے کی تقریب میں محمد رفیق دشتی کی کمپنی "دشتی ورکس" نے واحد کوٹیشن جمع کروایا، جو ضلع جھل مگسی میں معروف اور تجربہ کار کمپنی کے طور پر جانی جاتی ہے۔اس موقع پر ایس ڈی او جھل مگسی ون شفیع محمد ہنگورجی دشتی ورکس کے عبدالحفیظ، بابو برکت علی اور محکمہ اریگیشن کے یونین صدر سجاد علی مگسی بھی موجود تھے۔ٹینڈر کھولنے کے موقع پر خطاب کرتے ہوئے ایکسین اریگیشن جھل مگسی محمد یار مگسی نے کہا کہ فلڈ ڈائیورژن پشتے کی تعمیر سے علاقے میں سیلابی پانی کے نقصانات کم ہوں گے اور زرعی زمینوں کو محفوظ رکھنے میں مدد ملے گی۔ منصوبے کے ذریعے مقامی آبادی کی معاشی صورتحال بہتر ہونے کے ساتھ ساتھ زرعی پیداوار میں اضافہ بھی متوقع ہے منصوبے کے جلد آغاز اور بروقت تکمیل پر زور دیتے ہوئے کہا گیا کہ محکمہ اریگیشن ضلع جھل مگسی میں عوامی مسائل کے حل اور بنیادی ڈھانچے کی ترقی کے لیے مسلسل کام کر رہا ہے، اور BSDI کے تحت خصوصی ترقیاتی اقدامات کو موثر انداز میں عملی جامہ پہنایا جا رہا ہے واضح رہے کہ محکمہ اریگیشن جھل مگسی کے تمام منصوبہ جات شفاف طریقے سے اور معیاری کام بروقت مکمل ہوتے ہیں ایکسین محمد یار مگسی زیر اہتمام اسکیمات کے فنڈز بروقت انتظامات کرنا اس بات کا ثبوت ہے کہ منصوبوں کی جلد تکمیل کے ثمرات عوام تک میسر ہوتے ہیں۔

ڈھاڈر کی تاریخی حیثیت ختم کرنے کی قیاس آرائیاں سازش ہے،اسلم بوہڑ

کسی کی خواہش پر جغرافیائی اہمیت کو توڑنے والوں کو سوچ سمجھ کر فیصلہ کرنا چاہیے

ڈھاڈر کو صدیوں سے مرکزیت حاصل ہے اس کو ختم کرنا اتنا آسان نہیں ہے، ترجمان

اوستہ محمد (آن لائن) جھل مگسی میں دو گروپوں میں جھگڑے کے دوران فائرنگ کے نتیجے میں 1 ایک شخص ہلاک ہوگیا پولیس کے مطابق گزشتہ روز جھل مگسی کے علاقے میں دیرینہ رنجش کی بناء پر دو گروہوں میں مسلح تصادم ہوا جس کے نتیجے میں ایک شخص عبدالفتاح ہلاک ہوگیا تصادم سے علاقے میں خوف وہراس پھیل گیا واقعہ کی اطلاع ملتے ہی پولیس موقع پر پہنچ گئی علاقے کو گھیرے میں لیکر نعش ہسپتال منتقل اور ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کردی...... بقیہ 40 صفحہ نمبر 7 پر

اسٹیبلشمنٹ سے فی الحال کوئی رابطہ نہیں اگر ہوا تو چھپائیں گے نہیں، بیرسٹر گوہر

مخالفین سے کوئی دشمنی نہیں بہتر ہے صلح صفائی ہو، حکومت ایک طرف ہاتھ ملائے دوسرے سے مکا تو حالات بہتر نہیں ہوں گے، چیئرمین پی ٹی آئی

بانی پی ٹی آئی سے ملاقات ہمارا آئینی اور قانونی حق، چیف جسٹس سے دوبارہ ملاقات کی کوشش کررہے تھے تاہم وہ مصروف ہیں، میڈیا سے گفتگو

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) پاکستان تحریک انصاف کے چیئرمین بیرسٹر گوہر نے کہا ہے کہ مخالفین کے ساتھ کوئی دشمنی نہیں بہتر ہے صلح صفائی ہو تاہم حکومت ایک طرف ہاتھ ملائے دوسرے سے مکا مارے تو حالات بہتر نہیں ہوں گے، فی الحال اسٹیبلشمنٹ سے کوئی رابطہ نہیں اگر ہوا تو چھپائیں گے نہیں۔ نجی ہاؤسنگ سوسائٹی نا کے پر...... بقیہ 41 صفحہ نمبر 7 پر

چیف سیکرٹری شکیل قادر خان ہیلتھ لیڈرشپ کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

اوچھے ہتھکنڈے ہماری راہ میں رکاوٹ نہیں بن سکتے، مولانا ہدایت الرحمن

ہماری جدوجہد ذاتی مفاد کیلئے نہیں، عوامی حقوق، انصاف اور بلوچستان کے بہتر مستقبل کیلئے ہے، صوبائی امیر جماعت اسلامی

سچ، قانون اور انصاف کی بالادستی نے فتح حاصل کی، الزامات ختم ہوگئے، جعلی ایف آئی آر خارج ہونے کے موقع پر گفتگو

گوادر کے نوجوانوں کو صحت مند سرگرمیوں کی طرف راغب کرنا اولین ترجیح ہے، گوادر میں فٹبال ٹورنامنٹ کے افتتاح کے موقع پر گفتگو

کوئٹہ (آن لائن) عوامی حقوق کی جدوجہد کرنے والے رہنما، امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمان بلوچ کے خلاف درج جعلی اور بے بنیاد ایف آئی آر کے مقدمے کی گوادر معزز عدالت میں آخری پیشی ہوئی عدالت نے کیس کے تمام قانونی اور حقائق پہلوؤں کا تفصیلی جائزہ لینے کے بعد ایف آئی آر خارج کرتے ہوئے مقدمہ مکمل طور پر ختم کرنے کا فیصلہ سنا دیا عدالتی فیصلے نے واضح کر دیا کہ مولانا ہدایت الرحمان بلوچ کے خلاف قائم کیا گیا مقدمہ سیاسی دباؤ، انتقامی کارروائی اور عوامی آواز کو خاموش کرانے کی ایک ناکام کوشش تھا تاہم، سچ، قانون، اور انصاف کی بالادستی نے فتح حاصل کی اور بے بنیاد الزامات خود بخود ختم ہوگئے اس موقع پر مولانا ہدایت...... بقیہ 42 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ: رکن اسمبلی ڈاکٹر نواز کبزئی فیڈرل لیویز فورس بلوچستان کے احتجاجی کیمپ میں متاثرین سے خطاب کر رہے ہیں

ٹرمپ بانی پی ٹی آئی کو رہا کروانا چاہتے تھے، شیر افضل مروت

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) رکن قومی اسمبلی شیر افضل مروت نے دعویٰ کیا ہے کہ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ بانی پاکستان تحریک انصاف عمران خان کو رہا کروانا چاہتے تھے۔ رکن قومی اسمبلی شیر افضل مروت نے اپنے ایک انٹرویو میں دعویٰ کیا کہ امریکی صدر نے عمران خان کی رہائی کے لیے چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل عاصم منیر سے رابطہ بھی کیا تھا۔ انہوں نے کہا کہ عمران خان کی رہائی کے لیے سفارتی سطح پر پس پردہ پیشرفت جاری تھی تاہم اسی دوران قومی اسمبلی میں پی ٹی آئی کے بعض اراکین کی جانب سے امریکا اور صدر ٹرمپ کے خلاف احتجاج کیا گیا

سی ٹی ڈی نے مستونگ میں دہشتگردانہ منصوبے کو ناکام بنایا، سلیم کھوسہ

سیکورٹی اداروں کے افسران واہلکار عوام کے تحفظ کیلئے شب و روز مصروف ہیں، صوبائی وزیر

نصیر آباد (آئی این پی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے پارلیمانی لیڈر، صوبائی وزیر میر سلیم احمد خان کھوسہ نے ضلع مستونگ کے علاقے دشت میں سی ٹی ڈی بلوچستان کی بروقت، موثر اور پیشہ ورانہ کارروائی کو سراہتے ہوئے کہا ہے کہ سی ٹی ڈی نے ایک بڑے دہشت گردانہ منصوبے کو ناکام بنا کر صوبے کو ممکنہ بڑے نقصان سے محفوظ بنالیا ہے میر سلیم احمد خان کھوسہ نے اپنے بیان میں کہا کہ دہشت گرد عناصر ایک اہم شاہراہ پر بدامنی پھیلانے کے ساتھ ساتھ سیکیورٹی فورسز اور عام شہریوں کو نشانہ بنانے کا منصوبہ بنا رہے تھے تاہم سی ٹی ڈی بلوچستان نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے ان کے ناپاک عزائم کو خاک میں ملا دیا انہوں نے کہا...... بقیہ 43 صفحہ نمبر 7 پر

حکومت معاملہ حل اور گرفتار ملازمین کو رہا کرے، مولانا رمضان مینگل

پرامن ملازمین کے احتجاج پر لاٹھی چارج اور ان کی گرفتاریاں قابل مذمت ہیں، سنی علماء کونسل

کوئٹہ (آن لائن) سنی علماء کونسل بلوچستان کے امیر مولانا محمد رمضان مینگل، مولانا غلام غوث حقانی، علامہ ثناء اللہ فاروقی، حافظ قاسم، مفتی کلیم اللہ حیدری، مولوی عبدالحکیم، قاری عبدالولی فاروقی، مولانا عبدالرحیم ساجد نے حکومت اور پولیس کی جانب سے گرینڈ الائنس کے رہنماؤں اور ملازمین پر لاٹھی چارج اور گرفتاریوں کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ فوری طور ان کے مطالبات تسلیم کرتے ہوئے تمام گرفتار شدگان کو رہا کر کے مسائل کے حل کو افہام وتفہیم سے حل کیا جائے اپنے جاری کردہ بیان میں انہوں نے کہا کہ مہنگائی اور بے روزگاری نے عوام کا جینا محال کر رکھا ہے اور بلوچستان کے پڑھے لکھے ملازمین گزشتہ کئی عرصے سے اپنے جائز...... بقیہ 44 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ: سینئر سیاست دان و سابق سینیٹر نوابزادہ حاجی میر لشکری خان رئیسانی انجینئر عبدالجبار کاسی کی وفات پر ان کے بھائی ڈاکٹر افتخار کاسی ڈاکٹر عبدالقیوم کاسی سے تعزیت کر رہے ہیں

گرینڈ الائنس کے ملازمین پر تشدد و لاٹھی چارج غیر جمہوری عمل ہے، پشتونخوا میپ

حکومت ملازمین کو احتجاج سے دستبردار کرنے کیلئے ملازم دشمن اقدامات فوری ترک اور گرینڈ الائنس کے مطالبات تسلیم کرے

ملازمین کے گھروں، دفاتر، تعلیمی اداروں پر چھاپے، مرد و خواتین افسران، اساتذہ و اہلکاروں کو دھمکیاں دینا ناقابل برداشت ہے، بیان

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے صوبائی سیکرٹریٹ کے جاری کردہ پریس ریلیز میں گرینڈ الائنس ملازمین کے احتجاج پر لاٹھی چارج، گرفتاریوں، چھاپوں، انٹرنیٹ، نیٹ ورک کی بندش کے اقدامات کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے اسے غیر آئینی، غیر جمہوری اور غیر قانونی قرار دیا گیا ہے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ حکومت ملازم کش اقدامات کے ذریعے خود ملازمین کو...... بقیہ 45 صفحہ نمبر 7 پر

صوبائی حکومت ملازمین کے مظاہروں سے خوفزدہ ہے، ایچ ڈی پی

حکومت نے گرینڈ الائنس کے احتجاج کو ناکام بنانے کیلئے شہر بھر کو پولیس اسٹیٹ بنادیا

جعلی حکومت اپنے تمام امور جبر اور ظلم کے ذریعے انجام دے رہی ہے، بیان

کوئٹہ (آن لائن) ہزارہ ڈیموکریٹک پارٹی کے مرکزی بیان میں بلوچستان گرینڈ الائنس کے ملازمین کی گرفتاریوں کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا کہ گرینڈ الائنس پرامن احتجاج اور دھرنا دیکر اپنے مطالبات کے حق میں مظاہرہ کرنا چاہتا تھا مگر مسلط صوبائی حکومت ملازمین کے احتجاج اور مظاہروں سے اس حد تک خوفزدہ ہوگئی تھی کہ اس جعلی حکومت نے کوئٹہ شہر میں انٹرنیٹ ڈیٹا سروس مکمل طور پر بند کرکے شہر بھر میں رابطے کے ذرائع متاثر کرد...... بقیہ 46 صفحہ نمبر 7 پر

ڈویژنوں میں تبدیلیاں دیرپا ثابت نہیں ہوں گی، امان اللہ کنرانی

تاریخ وجغرافیہ کے معروضی حالات کو مفادات کی خاطر نظر انداز نہ کیا جائے، سابق صدر سپریم کورٹ بار

کوئٹہ (این این آئی) سپریم کورٹ بار ایسوسی ایشن کے سابق صدر امان اللہ کنرانی نے صوبے میں بعض متنازعہ ڈویژنوں کا قیام اور اس کے حدود کے اندر تبدیلیاں عارضی مفادات کیلئے اکھاڑ پچھاڑ پائیدار و دیرپا ثابت نہیں ہوگا اور اس کے ثمرات بھی نصیب نہیں ہوسکیں گے ہر دور میں لوگ اپنے اقتدار کی طوالت کیلئے عوامی آراء کے برعکس فیصلے کرتے رہے ہیں مگر ان کو ان فیصلوں کے ثمرات سے استفادہ کا موقع نہیں ملا جنرل ایوب خان نے مشرقی پاکستان...... بقیہ 47 صفحہ نمبر 7 پر

موثر قانون سازی سے عوام کا اعتماد بحال کیا جاسکتا ہے، زبیدہ جلال

صوبائی کابینہ کا کنٹریکٹ اساتذہ کی تعلیمی اسناد کی تصدیق کا فیصلہ خوش آئند ہے، سابق وفاقی وزیر

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) سابق وفاقی وزیر، ماہر تعلیم اور سیاسی وسماجی رہنما زبیدہ جلال نے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی صدارت میں صوبائی کابینہ کے 22ویں اجلاس میں صوبائی کابینہ نے صوبے کے انتظامی، قانونی، سماجی، تعلیمی اور ترقیاتی امور سے متعلق متعدد اہم فیصلوں اور کئی کلیدی قوانین اور رولز کی منظوری پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ ایسے اقدامات لائق تحسین ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے اپنے جاری کردہ بیان میں...... بقیہ 48 صفحہ نمبر 7 پر

پولیس امن دشمن عناصر کیخلاف صف اول کا کردار ادا کر رہی ہے، آئی جی

صوبے میں دہشتگردی اور دیگر چیلنجز سے نبرد آزما ہونے کیلئے پولیس کو جدید تربیت فراہم کرنے کے ساتھ تمام وسائل بروئے کار لارہے ہیں، محمد طاہر

بی ایریا سے پولیس میں ضم اہلکاروں کو جدید ہتھیاروں کی تربیت فراہم کی جارہی ہے، بدر لائن میں جدید عمارت کے افتتاح کے موقع پر گفتگو

کوئٹہ (خ ن) انسپکٹر جنرل آف پولیس بلوچستان محمد طاہر نے کہا کہ صوبے میں دہشتگردی اور دیگر چیلنجز سے نبرد آزما ہونے کے لئے بلوچستان پولیس کو امن وامان کی جدید تربیت دیتے ہوئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لاکر سہولیات فراہم کی جارہی ہے تاکہ پولیس اہلکاروں کو جدید ٹیکنالوجی سے آراستہ کرکے ان کی صلاحیتوں کو بڑھایا جاسکے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے بدر لائن کوئٹہ...... بقیہ 49 صفحہ نمبر 7 پر

سبی، نامعلوم افراد کی فائرنگ سے 1 شخص قتل

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) سبی کے علاقے میں نامعلوم افراد نے فائرنگ کرکے ایک شخص کو ہلاک اور ایک کو زخمی کردیا تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز سبی بائی پاس کے قریب نامعلوم افراد نے فائرنگ کرکے ایک شخص بھاگیا کو قتل اور اکبر کو زخمی کردیا اور فرار ہوگئے واقعہ کی اطلاع ملتے ہی مقامی انتظامیہ اور ریسکیو ٹیمیں موقع پر پہنچ گئیں جنہوں نے نعش اور زخمی کو ہسپتال منتقل کردیا نعش ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کردی گئی

قائمقام گورنر بلوچستان غزالہ گولہ سے صوبائی سیکرٹری وومن ڈویلپمنٹ سائرہ عطا ملاقات کر رہی ہیں

حکومت حلیم پلازہ میں لگنے والی آگ کی تحقیقات کرائے، انجمن تاجران

حکومت سروے مکمل اور تاجروں کو معاوضے کی ادائیگی یقینی بنائے، عبدالرحیم کاکڑ

کوئٹہ (این این آئی) مرکزی انجمن تاجران بلوچستان کے صدر عبدالرحیم کاکڑ، حضرت علی اچکزئی، یاسین مینگل، عمران ترین، سعد اللہ اچکزئی، حاجی محمد جان آغا، درویش، حاجی ہاشم کاکڑ، ظفر کاکڑ، حاجی نقیب کاکڑ، احسان کاکڑ، نعمت خان ترین، کلیم خان ترین، بسم اللہ خان ترین، عزیز بازئی نے حلیم پلازہ میں آگ لگنے سے درجنوں دکانوں کے جل کر خاکستر ہونے کے واقعہ کی مذمت کرتے ہوئے کہا کہ ایسا لگتا ہے کہ کسی نے جان بوجھ کر پلازہ میں آگ لگائی ہے حکومت فوری طور پر اسکی غیر جانبدارانہ تحقیقات کرائے یہ بات انہوں نے...... بقیہ 50 صفحہ نمبر 7 پر

گل مینہ بلال کی بطور چیئرپرسن تعیناتی خوش آئند ہے، جمال شاہ کاکڑ

سی جی پی ٹی سی چین میں تعیناتی پاکستان کیلئے تاریخی موقع ہے، رکن اسمبلی

کوئٹہ (آئی این پی) پاکستان مسلم لیگ ن بلوچستان کے جنرل سیکرٹری ورکن قومی اسمبلی جمال شاہ کاکڑ نے پاکستان نیشنل ووکیشنل اینڈ ٹیکنیکل ٹریننگ کمیشن کی چیئرپرسن گل مینہ بلال کی بحیثیت چائنا گلوبل پروفیشنل ٹیکنیکل سرٹیفکیشن سینٹر کی پہلی چیئرپرسن کے طور پر تعیناتی کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ یہ تقرری پاکستانی پیشہ ورانہ اور تکنیکی مہارتوں کی عالمی سطح پر پہچان کو بھی مضبوط کرے گی ان خیالات کا اظہار انہوں نے خصوصی بات چیت کرتے ہوئے...... بقیہ 51 صفحہ نمبر 7 پر

عملہ ناگہانی صورتحال سے نمٹنے کیلئے ہمہ وقت الرٹ رہے، ایڈمنسٹریٹر کوئٹہ

لیاقت بازار مارکیٹ میں آگ بجھانے میں 13 فائر بریگیڈ گاڑیوں نے حصہ لیا، مجیب قمبرانی

واقعہ کی وجوہات کا تعین کیا جائے گا، متاثرہ مارکیٹ کے دورے کے موقع پر گفتگو

کوئٹہ (آن لائن) میٹروپولیٹن کارپوریشن کوئٹہ کے ایڈمنسٹریٹر مجیب قمبرانی نے لیاقت بازار مارکیٹ میں لگنے والی آگ پر فائر بریگیڈ اور میٹروپولیٹن کارپوریشن کی جانب سے فوری اور بروقت موثر کارروائی کرتے ہوئے آتشزدگی پر قابو پانے کو سراہتے ہوئے کہا کہ تمام عملہ اور ادارہ ایسی ناگہانی صورتحال پر قابو پانے کے لئے الرٹ رہیں۔ یہ بات انہوں نے گزشتہ روز لیاقت بازار میں پیش آنے والے آتشزدگی کے واقعہ کے بعد متاثرہ مارکیٹ کا...... بقیہ 52 صفحہ نمبر 7 پر

روٹی، کپڑا اور مکان کے دعویداروں نے ملازمین کیساتھ وعدہ وفا نہیں کیا، بی این پی

وعدوں پر عملدرآمد کرنے کی بجائے روگردانی نظریات بدلنے والے حکمرانوں کا وطیرہ ہے، بیان

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان نیشنل پارٹی مرکزی بیان میں گرینڈ الائنس میں شامل ملازمین کی گرفتاریوں کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا گیا ہے کہ ناکام سرکار سابقہ روایات کی طرح ملازمین کے ساتھ ہاتھ کر گئی روٹی، کپڑا اور مکان کے دعویداروں نے ملازمین کے ساتھ وفا نہیں کی ڈی آر اے الاؤنس کی ادائیگی کیلئے معلق میں جو وعدے کئے گئے ان پر عملدرآمد کرنے کی بجائے روگردانی نظریات بدلنے والے حکمرانوں کا وطیرہ ہے بیان میں کہا گیا ہے کہ فارم 47 کی حکومت اپنی ساکھ بچانے کی ناکام کوششوں میں لگی ہوئی ہے...... بقیہ 53 صفحہ نمبر 7 پر

نوابزادہ چاکر خان بگٹی چیئرمین میونسپل ڈیرہ بگٹی کے عہدے سے فارغ

چیئرمین کی برطرفی کا معاملہ محکمہ لوکل گورنمنٹ کی سفارش پر کابینہ میں پیش کیا گیا تھا

ڈیرہ بگٹی (این این آئی) حکومت بلوچستان نے نوابزادہ میر چاکر خان بگٹی کو چیئرمین میونسپل کمیٹی ڈیرہ بگٹی کے عہدے سے ہٹا دیا، ذرائع کے مطابق یہ فیصلہ بلوچستان صوبائی کابینہ کے اجلاس میں ایجنڈا آئٹم نمبر 13 کے تحت منظور کیا گیا۔ نوابزادہ میر چاکر خان بگٹی کی برطرفی کا معاملہ محکمہ لوکل گورنمنٹ کی سفارش پر کابینہ میں پیش کیا گیا تھا، جس کی منظوری کے بعد باضابطہ کارروائی مکمل کرلی گئی۔

صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ، سیکرٹری صحت مجیب الرحمن پانیزئی، اسپیشل سیکرٹری صحت شہک بلوچ و دیگر ہیلتھ لیڈرشپ کانفرنس کی اختتامی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

پاک امریکہ تجارتی حجم 8 ارب ڈالر سے تجاوز کر نیکا امکان ہے، امریکی ناظم الامور

دونوں ممالک کے درمیان تجارتی روابط مسلسل بہتر ہو رہے ہیں، امریکا منصفانہ اور متوازن تجارت کا خواہاں ہے

سیالکوٹ کا دورہ، دوطرفہ تجارت کو مضبوط بنانے پر زور، برطانیہ نے پاکستان کو 400 ملین ڈالر کی پیشکش کردی

سیالکوٹ (م ڈ) امریکی ناظم الامور نیٹلی بیکر نے سیالکوٹ میں کاروباری برادری سے ملاقاتیں کیں جس دوران ان کا کہنا تھا کہ پاکستان اور امریکا کے درمیان تجارتی روابط مسلسل بہتر ہو رہے ہیں، دوطرفہ تجارت کا حجم آٹھ ارب ڈالر سے تجاوز کرنے کا امکان ہے۔ امریکی ناظم الامور نیٹلی اے بیکر نے دورہ سیالکوٹ میں ملاقاتوں کے دوران دوطرفہ تجارت اور سرمایہ کاری کو مزید مضبوط بنانے پر زور دیا۔ سیالکوٹ...... بقیہ 54 صفحہ نمبر 7 پر

اقوام متحدہ کا اعلیٰ سطحی وفد رواں ہفتے کوئٹہ کا دورہ کرے گا

وفد 1 ارب کے شمسی توانائی کے منصوبے بلوچستان حکومت کے حوالے کرے گا

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) اقوام متحدہ (یو این) کا ایک اعلیٰ سطح وفد رواں ہفتے کوئٹہ کا دورہ کرے گا، جہاں وہ ایک ارب روپے مالیت کے شمسی توانائی کے منصوبے کو باقاعدہ طور پر بلوچستان حکومت کے حوالے کرے گا یو این حکام کے مطابق یہ منصوبہ صوبے میں توانائی کے بحران سے نمٹنے اور سرکاری خدمات کو پائیدار بنیادوں پر مستحکم کرنے کی جانب ایک اہم پیش رفت ہے۔ حکام کے مطابق منصوبے کے تحت بلوچستان بھر میں 48 سرکاری اداروں کو شمسی توانائی سے منسلک کیا گیا ہے، جن میں اسکول، جامعات، صحت مراکز اور تکنیکی و پیشہ ورانہ تربیتی...... بقیہ 55 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ: میٹروپولیٹن کارپوریشن کے ایڈمنسٹریٹر مجیب قمبرانی لیاقت بازار کی مارکیٹ میں لگی آگ کے حوالے سے دورہ کر رہے ہیں

آر ٹی ایس ایم سے ڈاکٹرز و سٹاف کی حاضری کی نگرانی جاری ہے، چیف سیکرٹری

محکمہ صحت میں انقلابی اصلاحات کا سلسلہ جاری جو ڈیجیٹلائزیشن، ڈی سینٹرلائزیشن اور سروس ڈیلیوری پر مبنی ہیں، شکیل قادر خان

عوام کی خدمت حکومت کی ذمہ داری، فلاح و بہبود کیلئے متعدد اقدامات اٹھا رہے ہیں، بلوچستان ہیلتھ لیڈرشپ کانفرنس کے شرکاء سے خطاب

کوئٹہ (خ ن) چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان نے کہا کہ صوبے میں صحت کے شعبے میں ڈیجیٹل انقلاب لانے کی کوششیں تیز تر ہو رہی ہیں، ہیلتھ لیڈرشپ کانفرنس 2026 کا انعقاد کیا جارہا ہے جو کلیدی صحت اشاریوں اور ڈیجیٹلائزیشن انیشیٹو پر پیشرفت کا جائزہ لے گی اس کانفرنس کا مقصد صوبے بھر میں صحت سہولیات کی نگرانی، شفافیت اور کارکردگی کو بہتر بنانا ہے، جو محکمہ صحت میں شروع...... بقیہ 56 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ: آئی جی پولیس محمد طاہر کو بلوچستان کانسٹیبلری ہیڈ کوارٹر بدر لائن آمد پر بی سی کا چاق و چوبند دستہ سلامی پیش کر رہا ہے

کوئٹہ سریاب میں ٹرک کی ٹکر سے 1 شخص ہلاک

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) سریاب کے علاقے میں ٹرک کی ٹکر سے ایک شخص ہلاک ہوگیا پولیس کے مطابق گزشتہ روز سریاب کے علاقے چکی شاہوانی کے مقام تیز رفتار ٹرک کی ٹکر سے ایک شخص ہلاک ہوگیا واقعہ کی اطلاع ملتے ہی مقامی پولیس نے نعش قبضے میں لیکر ہسپتال منتقل کردی نعش ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے مزید کارروائی پولیس کررہی ہے۔

لورالائی، پولیس مقابلے میں اشتہاری ہلاک

لورالائی (این این آئی) لورالائی میں پولیس مقابلے میں اشتہاری ملزم ہلاک ہوگیا پولیس کے مطابق منگل کو لورالائی پولیس نے سنگین مقدمات میں مطلوب اشتہاری ملزم عبدالشکور کی گرفتاری کیلئے چھاپہ مارا تو ملزم نے پولیس پر فائرنگ شروع کردی پولیس کی جوابی کارروائی میں اشتہاری ملزم عبدالشکور شدید زخمی ہوگیا جسے فوری طور پر ہسپتال پہنچایا گیا جہاں وہ زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے ہلاک ہوگیا جبکہ ملزم کے دیگر ساتھی فرار ہونے میں کامیاب ہوگئے پولیس نے ہلاک ہونے والے ملزم کے قبضے سے کلاشنکوف، پسٹل اور ایمونیشن برآمد پولیس مزید کارروائی کررہی ہے۔

امریکی جنگی طیارے گرین لینڈ کیوں پہنچے؟ وجہ سامنے آگئی

نیویارک (م ڈ) صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے حملے کی دھمکیوں اور گرین لینڈ پر امریکی جھنڈا لہرانے کے اے آئی سے بنی تصویر شیئر کرنے کے بعد اب امریکی فوجی طیاروں کی گھن گرج گرین لینڈ کے اوپر سنی جاسکتی ہے۔ عالمی خبر رساں ادارے کے مطابق امریکی فوج کے جنگی طیاروں کی پرواز اب گرین لینڈ میں واقع امریکی فوجی اڈے کی جانب ہے۔ امریکی اور کینیڈین دفاعی ادارے نارتھ امریکن ایرواسپیس ڈیفنس کمانڈ نے سوشل میڈیا پر جاری بیان میں تصدیق کی کہ امریکی جنگی طیاروں کی گرین لینڈ میں تعیناتی کا عمل شروع ہوگیا۔

حکومت کی اصلاحاتی کاوشیں وزیراعلیٰ کے وژن کے مطابق ہیں، نور محمد دمڑ

محکمہ خزانہ میں شفافیت پر مبنی بھرتیوں کے عمل سے نوجوانوں میں اعتماد بحال ہوا

وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی اور ان کی ٹیم کی اجتماعی کارکردگی قابل ستائش ہے، صوبائی وزیر خوراک

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر خوراک حاجی نور محمد دمڑ نے کہا ہے کہ موجودہ حکومت کی اصلاحاتی کاوشیں وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے وژن کے عین مطابق ہیں، جو صوبے میں گڈ گورننس کے فروغ کا عملی ثبوت ہیں انہوں نے کہا کہ حکومت شفافیت، میرٹ اور ادارہ جاتی اصلاحات پر یقین رکھتی ہے اور اسی سوچ کے تحت مختلف شعبوں میں موثر اقدامات کئے جارہے ہیں صوبائی وزیر خوراک نے کہا کہ محکمہ خزانہ میں میرٹ اور شفافیت پر مبنی ڈیجیٹل بھرتیوں...... بقیہ 57 صفحہ نمبر 7 پر

چمن و کوئٹہ پھاٹک منصوبے کو پایہ تکمیل تک پہنچایا جائے، سیکرٹری مواصلات

منصوبے میں کسی قسم کی کوتاہی وغفلت برداشت نہیں، بابر خان

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی خصوصی ہدایات کی روشنی میں سیکرٹری مواصلات وتعمیرات بابر خان نے چمن پھاٹک تا کوئٹہ پھاٹک روڈ منصوبے پر پیشرفت کا جائزہ لیا اس موقع پر چیف انجینئر فیڈرل پروجیکٹس ڈاکٹر سجاد بلوچ چیف انجینئر سی اینڈ ڈبلیو ورکس ڈویژن مہر اللہ جوگیزئی اور ایگزیکٹو انجینئر سی اینڈ ڈبلیو ورکس ڈویژن کا کاکا محمد انور کے علاوہ دیگر متعلقہ حکام بھی موجود تھے اس موقع پر ایگزیکٹو انجینئر سی اینڈ ڈبلیو ورکس ڈویژن...... بقیہ 58 صفحہ نمبر 7 پر

گرینڈ الائنس کے مطالبات بلا تاخیر تسلیم کئے جائیں، پشتونخوا نیپ

ملازمین کا احتجاج ناکام بنانے کیلئے شہر بھر میں کرفیو کا سماں تھا، بیان

کوئٹہ (آن لائن) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے صوبائی سیکرٹریٹ کی جانب سے جاری کردہ پریس ریلیز میں گرینڈ الائنس کے سرکاری ملازمین پر پولیس تشدد، گرفتاریوں اور طاقت کے بے جا استعمال کی سخت الفاظ میں مذمت کی گئی ہے بیان میں مطالبہ کیا گیا ہے کہ گرفتار تمام ملازمین کو فوری طور پر رہا کیا جائے اور ان کے جائز مطالبات بلا تاخیر تسلیم کئے جائیں پریس ریلیز میں کہا گیا ہے کہ گرینڈ الائنس کے زیر اہتمام سرکاری ملازمین کا احتجاج آج بھی...... بقیہ 59 صفحہ نمبر 7 پر

وزیراعظم کی اپوزیشن کیساتھ بات چیت کی پیشکش برقرار ہے، رانا ثناء اللہ

1990 کی دہائی میں دو سیاسی خاندانوں کی لڑائی میں ایک دہائی گزر گئی، بعد میں دونوں سیاسی خاندانوں نے مل کر چارٹر آف ڈیموکریسی کیا

سیاسی مسائل، انتخابی تنازعات اور نظام میں موجود خامیوں کا حل صرف پارلیمنٹ اور سیاسی مکالمے کے ذریعے ہی ممکن ہے، مشیر وزیراعظم

اسلام آباد (شاکر رحمان) وزیراعظم کے مشیر برائے سیاسی امور سینیٹر رانا ثناء اللہ نے کہا ہے کہ لانگ مارچ، دھرنے اور محاذ آرائی مسائل کا حل نہیں، سیاست سیاستدانوں کو ہی کرنی چاہیے، 1990 کی دہائی میں دو سیاسی خاندانوں کی لڑائی میں ایک دہائی گزر گئی، بعد میں دونوں سیاسی خاندانوں نے مل کر چارٹر آف ڈیموکریسی کیا، کیا چار چار ماہ کے دھرنے اسٹیبلشمنٹ نے دیئے تھے؟ ایک دن دو صا...... بقیہ 60 صفحہ نمبر 7 پر

اے این پی کوئٹہ کے زیر اہتمام فخر افغان باچا خان بابا اور رہبر تحریک خان عبدالولی خان کی برسی کے سلسلے میں تعزیتی ریفرنس سے اصغر خان اچکزئی، ثناء اللہ آغا، عبیداللہ عابد و دیگر خطاب کر رہے ہیں

باچا خان کے اصولوں پر کاربند رہنے سے بحرانوں کا خاتمہ ممکن ہے، اصغر اچکزئی

باچا خان وولی خان نے تمام عمر عدم تشدد کے فروغ اور اقوام کی آزادی وخودمختاری کیلئے وقف کررکھی تھی، صوبائی صدر اے این پی

ملازمین کیخلاف کریک ڈاؤن قابل مذمت، حکومت رہنماؤں کو رہا اور گرینڈ الائنس کے مطالبات تسلیم کرے، یاد ریفرنس سے رہنماؤں کا خطاب

کوئٹہ (آن لائن) عوامی نیشنل پارٹی کے صوبائی صدر اصغر خان اچکزئی نے کہا ہے کہ باچا خان اور خان عبدالولی خان کے افکار و نظریات سے مسلسل انحراف کے باعث فلاحی ریاست کا خواب آج تک شرمندہ تعبیر نہ ہوسکا آج ملک کو جن گھمبیر چیلنجز کا سامنا ہے جن میں بنیادی انسانی حقوق کی سنگین پامالیاں مقننہ اور عدلیہ کی بے توقیری آزادی صحافت پر قدغنیں سیاست اور سیاسی کارکنوں پر دباؤ اور...... بقیہ 61 صفحہ نمبر 7 پر

مرکزی انجمن تاجران کے صدر عبدالرحیم کاکڑ، محمد جان آغا، درویش، نعمت ترین، کلیم ترین اور دیگر اچکزئی پلازہ کے متاثرین سے خطاب کر رہے ہیں

فارم 47 والوں نے کوئٹہ کو جیل میں تبدیل کردیا، نیشنل پارٹی

ملازمین کے پرامن احتجاج پر وحشیانہ پولیس گردی قابل مذمت ہے

یہ طرز عمل جمہوریت نہیں، آمریت کی کھلی علامت ہے، مرکزی ترجمان

کوئٹہ (آن لائن) نیشنل پارٹی کے مرکزی ترجمان نے جاری بیان میں کہا ہے کہ فارم 47 کی بنیاد پر مسلط حکومت نے ایک بار پھر کوئٹہ کو کنٹینرز لگا کر بند کر کے شہر کو عملی طور پر جیل میں تبدیل کر دیا ہے گرینڈ الائنس کے ملازمین کے پرامن، آئینی اور جمہوری احتجاج پر وحشیانہ پولیس گردی، تشدد اور بلاجواز گرفتاریوں کے ذریعے حکومت نے فسطائیت کی بدترین مثال قائم کردی ہے۔ مرکزی ترجمان نے کہا کہ اپنے بنیادی اور جائز حقوق کے لئے نکلنے والے...... بقیہ 62 صفحہ نمبر 7 پر

چھتر، بجلی کے ٹاور کے ساتھ نصب مواد زور دار دھماکے سے پھٹ گیا

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) نصیر آباد چھتر علاقے میں نامعلوم مسلح تخریب کاروں نے 220 کے وی کے ہائی ٹرانسمیشن لائن بجلی کے دو ٹاورز کو دھماکہ خیز مواد سے اڑانے کی کوشش ٹاورز کو جزوی نقصان پہنچا۔ پولیس کے مطابق نصیر آباد پولیس تھانے چھتر کی حدود اوچ پاور پلانٹ سے شکار پور کو جانے والی بجلی کی ہائی ٹرانسمیشن لائن 220 کے وی کے دو ٹاورز کو نامعلوم تخریب کاروں نے دھماکہ خیز مواد سے اڑانے کی کوشش کی تاہم ٹاورز کو جزوی نقصان پہنچا واقعہ کی اطلاع پر پولیس اور سیکورٹی فورسز موقع پر پہنچ کر علاقے کی ناکہ بندی کرکے ملزمان کی تلاش شروع کردیں۔

اسلام آباد میں بلدیاتی انتخابات کا شیڈول واپس لینے کا نوٹیفکیشن چیلنج

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وفاقی دارالحکومت میں بلدیاتی انتخابات کا شیڈول واپس لینے کے الیکشن کمیشن کے نوٹیفکیشن کو جماعت اسلامی نے اسلام آباد ہائیکورٹ میں چیلنج کر دیا جس پر عدالت نے فریقین کو نوٹس جاری کرتے ہوئے جواب طلب کر لیا۔ جسٹس محمد اعظم خان نے جماعت اسلامی کی درخواست پر سماعت کی، سماعت کے دوران جماعت اسلامی اسلام آباد کے امیر نصر اللہ رندھاوا اپنے وکیل چوہدری شعیب احمد کے ہمراہ عدالت میں پیش ہوئے۔ درخواست گزار کے وکیل نے موقف اختیار کیا کہ اس سے قبل لوکل گورنمنٹ ترمیمی آرڈیننس کو بھی عدالت میں چیلنج کیا جا چکا ہے

بلوچستان میں موسمیاتی تبدیلی کے اثرات محض خدشات نہیں رہے، محمد عبدالقادر

شدید بارشوں، طوفانی سیلاب، خشک سالی اور ہیٹ ویوز نے وسیع علاقوں کو متاثر کیا، سینیٹر

کوئٹہ (آن لائن) چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے دفاعی پیداوار سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا ہے کہ بلوچستان میں موسمیاتی تبدیلی کے تباہ کن اثرات اب محض خدشات نہیں رہے بلکہ ایک تلخ حقیقت کی صورت اختیار کر چکے ہیں صوبہ پہلے ہی پسماندگی، کمزور انفراسٹرکچر اور آبی قلت جیسے مسائل سے دوچار ہے، جبکہ موسمیاتی تبدیلی نے ان بحرانوں کو کئی گنا بڑھا دیا ہے حالیہ برسوں میں شدید بارشوں، طوفانی سیلاب، طویل خشک سالی اور ہیٹ ویوز نے بلوچستان کے وسیع علاقوں کو بری طرح متاثر کیا ہے 2022 اور اس کے بعد آنے والے سیلابوں نے ہزاروں گھروں...... بقیہ 63 صفحہ نمبر 7 پر

آٹے کی سرکاری نرخ پر فروخت یقینی بنائیں گے، اے ڈی سی

خلاف ورزی کے مرتکب عناصر کے خلاف بلا امتیاز قانونی کارروائی کی جائے گی، محمد انور کاکڑ

کوئٹہ (آن لائن) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (جنرل) محمد انور کاکڑ کی زیر صدارت شہر میں آٹے کی قیمتوں میں استحکام اور پرائس کنٹرول کے حوالے سے ایک اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں عوام کو آٹے کی مقررہ سرکاری نرخوں پر فراہمی کو یقینی بنانا اور ذخیرہ اندوزی و منافع خوری کے تدارک کیلئے موثر اقدامات کا جائزہ لیا گیا اس موقع پر محکمہ انڈسٹری، محکمہ فوڈ، اسسٹنٹ کمشنر کچلاک، تمام متعلقہ مجسٹریٹس، انجمن تاجران کے نمائندگان رحیم کاکڑ اور رحیم آغا، فلور مل ایسوسی ایشن، فلور ریٹیلر ایسوسی ایشن، چیمبر آف کامرس اور دیگر متعلقہ اداروں کے نمائندوں...... بقیہ 64 صفحہ نمبر 7 پر

تربت: پولیس کی کارروائی میں ڈکیتی کے ملزمان سے برآمد ہونیوالا اسلحہ، موبائل فون نقدی کے بارے میں میڈیا کو بتایا جا رہا ہے

ناقص پالیسیوں کے باعث ملک کو دلدل میں دھکیلا جا رہا ہے، جمعیت نظریاتی

طاقت کا استعمال کسی مسئلے کا حل نہیں، ماضی میں جو آپریشن کئے گئے اس کا خمیازہ پوری قوم بھگت رہی ہے، مولانا عبدالقادر لونی

درپیش چیلنجز نمٹنے کیلئے پارلیمنٹ کو اعتماد میں لیا جائے، مفتی شفیع الدین، قاضی گل الرحمان تکیال، مولانا ڈاکٹر شمس الہدیٰ

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام نظریاتی پاکستان کے قائمقام امیر مولانا عبدالقادر لونی مرکزی کنوینر مفتی شفیع الدین صوبائی امیر خیبر پختونخوا قاضی گل الرحمان تکیال مرکزی سرپرست اعلیٰ مولانا ڈاکٹر شمس الہدیٰ، ڈپٹی جنرل سیکرٹری مولانا محمود الحسن قاسمی مرکزی سیکرٹری اطلاعات سید حاجی عبدالستار شاہ چشتی مرکزی سیکرٹری مالیات حاجی حیات اللہ کاکڑ مفتی فدا الرحمان و دیگر نے کہا کہ آپریشن کسی...... بقیہ 65 صفحہ نمبر 7 پر